https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ
روزنامہ بلوچستان آبزرور کوئٹہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta
چیف ایڈیٹر نثار احمد
جلد 19 | پیر 26 اکتوبر 2026ء | 14 جمادی الاول 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 189
dailybalochistanobserver@gmail.com

دہشتگردوں، انکے مالی معاونین اور سہولت کاروں کیخلاف زیرو ٹالرنس کا اپنانا ناگزیر ہے، میر سرفراز بگٹی

سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے اور پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے

یہ کارروائی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے غیر متزلزل ارادے کی عکاس ہے' قلعہ سیف اللہ میں اہم دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت کا مظہر ہے، وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (این انی آئی) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے اہم دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، عزم اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے غیر متزلزل ارادے کی عکاس ہے۔ ایک بیان میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی قربانیاں اور خدمات قابل تحسین ہیں بلوچستان میں آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت دہشت گردوں کے خلاف کارروائیاں صوبے سے دہشت گردی کے مکمل خاتمے کے عزم کا اظہار ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ دہشت گرد کمانڈر کے خلاف کارروائی سے دہشت گرد نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں (بقیہ 2 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ اسماعیل خان میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، 6 دہشتگرد ہلاک، 2 جوان شہید

آئی ایس پی آر کے مطابق وطن کے دفاع میں بہادر جوانوں کی قربانیاں ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں

شہید نائیک غلام مرتضیٰ کی عمر 36 سال اور تعلق ضلع گجرات سے، 30 سالہ سپاہی تاثیر احمد کا تعلق ضلع تلہ گنگ سے تھا

راولپنڈی (این این آئی) سکیورٹی فورسز نے ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے زرکانی میں انٹیلی جنس بنیاد پر آپریشن کرتے ہوئے بھارتی پراکسی فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والے 6 خوارج کو ہلاک کردیا، جبکہ شدید فائرنگ کے تبادلے میں پاک فوج کے 2 جوان شہید ہوگئے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے مطابق آپریشن 24 اکتوبر 2026 کو علاقے میں خوارج کی موجودگی کی اطلاع (بقیہ 1 صفحہ 3 پر)

لاہور، وزیراعظم شہباز شریف سے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر ملاقات کر رہے ہیں

مظفر آباد میں جیپ حادثے کا شکار

7 افراد جاں بحق، ایک شخص زخمی

مظفر آباد (این این آئی) آزاد کشمیر کے دارالحکومت مظفر آباد کے نواحی علاقہ شکر پڑیاں میں جیپ کھائی میں گرنے سے (بقیہ 5 صفحہ 3 پر)

حکومت [illegible] معاشی سرگرمیوں کے فروغ، کاروبار کیلئے سازگار ماحول کی فراہمی کیلئے کوشاں ہے' شہباز شریف

وزیراعظم سے صدر لاہور چیمبر حسام اصغر کی ملاقات، شہباز شریف نے پیش کردہ تجاویز کا جائزہ لینے کیلئے کمیٹی تشکیل دیدی

لاہور (این این آئی) وزیراعظم شہباز شریف سے لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر علی حسام اصغر نے لاہور میں ملاقات کی جس میں ملک کی مجموعی معاشی (بقیہ 3 صفحہ 3 پر)

حکومتی پالیسیوں کے ثمرات عوام تک پہنچنا

شروع، جلد بہتری آئے گی، رانا تنویر حسین

شیخوپورہ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ حکومتی پالیسیوں کے ثمرات (بقیہ 6 صفحہ 3 پر)

ریلویز نے 172 غیر فعال انجنوں کی بحالی کا منصوبہ تیار کرلیا

زیڈ ڈی یو ماڈل کے 20 انجن آئندہ 2 ماہ میں فعال ہو جائینگے

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلویز نے 172 غیر فعال انجنوں کی بحالی کا منصوبہ تیار کرلیا ہے، 4 ماہ میں 36 انجن فعال ہونے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ریلویز نے غیر فعال انجنوں کی ہنگامی بنیادوں پر مرمت کرانے کا فیصلہ کیا ہے۔ ریلویز کے (بقیہ 4 صفحہ 3 پر)

امریکا کو ایران کیساتھ معاہدہ کرنے یا فیصلہ کن کارروائی کرنے میں سے کسی ایک راستے کا انتخاب کرنا ہوگا، ٹرمپ

ایران اپنی جوہری تنصیبات کے حوالے سے کوئی بڑی پیشرفت نہیں کر رہا اور اس کی بیشتر جوہری تنصیبات تباہ کردی گئی ہیں

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکا کو ایران کے ساتھ معاہدہ کرنے یا فیصلہ کن کارروائی کرنے میں سے کسی ایک راستے کا انتخاب کرنا ہوگا۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا کہ سوال یہ ہے کہ ایران سے معاہدہ کیا جائے یا اسے ہمیشہ کے لیے ختم کردیا جائے۔ انہوں نے دعویٰ کیا کہ ایران اپنی جوہری تنصیبات کے حوالے (بقیہ 8 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم نے سرکاری سکولوں اور مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طالب علموں کو کروم بکس کی فراہمی کا اجراء کردیا

قوم کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے جس قدر وسائل درکار ہوئے، وہ فراہم کریں گے، تعلیم ایک ایسی دولت ہے جسے چوری نہیں کیا جا سکتا، تعلیم انسان کو معاشرے میں ممتاز بناتی ہے

جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر طلبا و طالبات پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے، ، دو سال میں پانچ لاکھ طالب علموں تک یہ کروم بکس پہنچائیں گے، شہباز شریف کا تقریب سے خطاب

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک بھر کے سرکاری سکولوں اور مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طالب علموں کو کروم بکس کی فراہمی کا اجرا کرتے ہوئے کہا ہے کہ جدید دور کے تقاضوں سے ہم آہنگ ہو کر یہ طلبا و طالبات پاکستان کی ترقی اور خوشحالی میں اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے، قوم کے نوجوانوں کو بااختیار بنانے کیلئے جس قدر وسائل درکار ہوئے، وہ فراہم کریں گے، تعلیم ایک ایسی دولت ہے جسے چوری نہیں کیا جا سکتا، تعلیم انسان کو معاشرے میں ممتاز بناتی ہے، دو سال میں پانچ لاکھ طالب علموں تک یہ کروم بکس پہنچائیں گے۔ اتوار کو یہاں کنونشن سنٹر اسلام آباد میں ملک بھر کے سکولوں اور مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلبا و طالبات کو کروم بکس اور انٹرنیٹ کی فراہمی کے اجرا کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ تقریب میں غیر ملکی مہمان بھی موجود ہیں جن کا خیر مقدم کرتے ہیں جو نوجوانوں کو بااختیار بنانے کی اس تقریب میں شریک ہوئے۔ (بقیہ 7 صفحہ 3 پر)

سیکیورٹی فورسز کی بلوچستان میں کارروائیاں، فتنہ الخوارج کا دہشتگرد ہلاک

دہشتگرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش دسمبر 2020 سے فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا، مالی معاملات کی نگرانی کر رہا تھا

قلعہ سیف اللہ (این این آئی) بلوچستان میں سیکیورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت کارروائیوں کے دوران دہشتگرد کمانڈر مارا گیا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق قلعہ سیف اللہ میں آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کا دہشت گرد کمانڈر عادل شاہ عرف درویش ہلاک ہوگیا۔ سیکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ عادل شاہ دسمبر 2020 سے فتنہ الخوارج سے وابستہ تھا، 2024 سے دہشتگرد گروہ کے مالی معاملات کی نگرانی کر رہا تھا۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ 9 صفحہ 3 پر)

متعدی امراض کے ہسپتال کا نام پاک چین دوستی سے

منسوب، وزیراعظم 27 اکتوبر کو افتتاح کریں گے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے اسلام آباد میں قائم متعدی امراض کے ہسپتال کا نام پاک چین دوستی سے منسوب کردیا۔ وزیراعظم شہباز شریف 27 اکتوبر کو افتتاح کریں گے۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے میڈیا سے خصوصی گفتگو میں مارگلہ ہسپتال کا (بقیہ 10 صفحہ 3 پر)

وزیراعظم محمد شہباز شریف کنونشن سنٹر اسلام آباد میں ملک بھر کے سکولوں اور مدارس کے پانچ لاکھ ہونہار طلبا و طالبات سے خطاب کر رہے ہیں

پاکستان اور قطر کا تجارت، سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

پاکستان نے قطر سے ہڈی والے گوشت کی برآمد پر عائد پابندی جلد ختم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ گوشت کی برآمدات سے متعلق جانوروں کی صحت اور فوڈ سیفٹی کی جامع تکنیکی دستاویزات قطر کو فراہم کردی گئی ہیں

پاکستان کا زراعت، معدنیات، صنعت، تعلیم، صحت، سیاحت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون کے لیے گیارہ تکنیکی ورکنگ گروپس کو جلد فعال بنانے پر زور

دوحہ (این این آئی) پاکستان اور قطر نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری اور اقتصادی تعاون کو مزید مضبوط بنانے کے عزم کا اعادہ کیا ہے اس حوالے سے پاکستان قطر مشترکہ ٹاسک فورس کا دوسرا اجلاس دوحہ میں منعقد ہوا، جس کی مشترکہ صدارت وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان اور قطر کے وزیر مملکت برائے امور خارجہ تجارت ڈاکٹر احمد بن محمد السید نے کی۔ اجلاس میں پاکستان اور قطر کے درمیان اقتصادی تعاون میں (بقیہ 12 صفحہ 3 پر)

خطے میں امن کی بحالی پاکستان کی معیشت، تجارت اور سرمایہ کاری کیلئے ناگزیر ہے، قیصر احمد شیخ

مقدس مقامات بالخصوص مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا تحفظ پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے

چنیوٹ (این این آئی) وفاقی وزیر برائے سرمایہ کاری بورڈ قیصر احمد شیخ نے کہا ہے کہ ایران اور امریکا کے درمیان کشیدگی کے خاتمے، خطے میں جنگی صورتحال پر قابو (بقیہ 11 صفحہ 3 پر)

شہباز شریف، حافظ نعیم الرحمٰن ملاقات

آئندہ دو روز میں متوقع ہے، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی پاکستان لیاقت بلوچ نے کہا ہے کہ وزیراعظم شہباز شریف اور امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن کے درمیان آئندہ دو روز (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

قلعہ سیف اللہ میں دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کا مظہر ہے، شاہد رند

سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائیاں بلوچستان میں امن و استحکام کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں

کوئٹہ (این این آئی) معاون وزیراعلیٰ بلوچستان برائے اطلاعات و سیاسی امور شاہد رند نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی کارروائی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف فیصلہ کن کارروائیاں قابلِ تحسین ہیں۔ ایک بیان میں شاہد رند نے کہا کہ (بقیہ 13 صفحہ 3 پر)

پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا تھیم

پارک اسلام آباد میں بنے گا

لاہور (این این آئی) پاکستان میں اپنی نوعیت کا پہلا تھیم پارک اسلام آباد میں بنے گا، تاریخی قذافی سٹیڈیم میں پاکستان کے پہلے تھیم پارک پراجیکٹ کے معاہدے پر دستخط (بقیہ 14 صفحہ 3 پر)

اسپورٹس سٹی بنانے پر مجھے جیل بھیجا

گیا، ڈھائی ماہ قید بھگتی، احسن اقبال

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ اسپورٹس سٹی بنانے پر مجھے جیل بھیجا گیا، ڈھائی ماہ قید بھگتی۔ احسن اقبال نے نارووال اسپورٹس سٹی (بقیہ 19 صفحہ 3 پر)

پاکستان ایک زرعی معیشت ہے' رانا تنویر حسین

گندم کی امدادی قیمت کا تعین کسانوں کی حوصلہ افزائی اور ملکی پیداوار میں اضافے میں معاون ہوگا

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ گندم کی قیمت کا حالیہ تعین ایک متوازن حکمت عملی ہے جس کا مقصد کسانوں کو معاونت فراہم کرنا اور ملکی پیداوار میں اضافہ کرنا ہے۔ اتوار کو نجی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے (بقیہ 18 صفحہ 3 پر)

پشاور، بڈھ بیر کے علاقے سلیمان خیل میں

ڈرون طیارہ پولیس نے گرا کر تباہ کردیا

پشاور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت پشاور میں بڈھ بیر کے علاقے سلیمان خیل میں ڈرون طیارہ پولیس نے گرا کر تباہ کر دیا، ابتدائی اطلاعات کے مطابق کھیتوں میں (بقیہ 15 صفحہ 3 پر)

صوبے کی ترقی، خوشحالی اور استحکام کیلئے دہشتگردی کا خاتمہ ناگزیر ہے، ضیاء لانگو

دہشت گردوں کے نیٹ ورکس اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف مؤثر کارروائیاں وقت کی اہم ضرورت ہیں

قلعہ سیف اللہ میں اہم دہشت گرد کمانڈر کا خاتمہ سیکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی کا ثبوت ہے' وزیر داخلہ بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) وزیر داخلہ بلوچستان میر ضیاء اللہ لانگو نے قلعہ سیف اللہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی کو دہشت گردی کے خلاف مؤثر حکمت عملی کا ثبوت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ اہم دہشت گرد کمانڈر کا خاتمہ امن دشمن عناصر کے لیے واضح پیغام ہے۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز نے بروقت اور پیشہ ورانہ کارروائی کے ذریعے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنائے۔ بلوچستان (بقیہ 20 صفحہ 3 پر)

سڑک کی خراب حالت بھی ٹریفک

حادثات کی بڑی وجہ ہے، وقار احمد

کوئٹہ (این این آئی) سیکٹر کمانڈر نیشنل ہائی وے اینڈ موٹروے پولیس N-50 سیکٹر ون قلعہ سیف اللہ وقار احمد کا اپنے پیغام میں کہنا ہے کہ حادثات صرف ڈرائیور کی غلطی سے نہیں ہوتے بلکہ سڑکوں کی خراب حالت بھی حادثات (بقیہ 16 صفحہ 3 پر)

بیلہ' مسافر بس اور مزدا ٹرک میں تصادم

کے نتیجے میں دو خواتین سمیت 3 افراد زخمی

حب (این این آئی) بیلہ کے علاقے میں مسافر بس اور مزدا ٹرک میں (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

غزہ کی اسلامی یونیورسٹی پر اسرائیلی حملہ، 3 افراد جاں بحق، 8 زخمی

طلبہ اور تعلیمی اداروں کو نشانہ بنائے جانے پر عالمی برادری کی خاموشی ایسے واقعات کے تسلسل کی حوصلہ افزائی کرتی ہے

غزہ (این این آئی) غزہ شہر کی اسلامی یونیورسٹی پر اسرائیلی ڈرون حملے (بقیہ 21 صفحہ 3 پر)

سعودی عرب میں دو بیلسٹک میزائل حملے

ناکام، ملبہ گرنے سے دو افراد زخمی

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے شہر خمیس مشیط اور احد رفیدہ میں دو بیلسٹک میزائل حملے ناکام بنا دیئے گئے، تاہم (بقیہ 17 صفحہ 3 پر)

گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل کی جانب سے ڈاکٹر ہما نعیم ترین کو بلوچستان کی پہلی خاتون ماہر امراضِ قلب طب کے شعبے میں بہترین ڈاکٹر آف بلوچستان نمایاں خدمات پر گولڈ میڈل دینے موقع پر گروپ

بلوچستان میں گیس کی فراہمی کے نظام کو بہتر بنایا جائے' مولانا عبدالواسع

جمعیت علماء اسلام کو آئین کی بالادستی، جمہوری اقدار کے تحفظ اور پُرامن سیاسی جدوجہد کا راستہ اختیار کرنے کی سزا دی جارہی ہے

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع نے گزشتہ روز اپنی رہائش گاہ پر کارکنوں کے ایک وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (بقیہ 22 صفحہ 3 پر)

سپلائی بہتر ہونے کے ساتھ قیمتوں میں بھی کمی آنی چاہیے' عبدالقادر

ایران کے ساتھ سرحدی تجارت کی بحالی کا فائدہ ایل پی جی کی قیمتوں میں کمی کی صورت میں عوام تک پہنچنا چاہئے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے ایران کے ساتھ گبد ریمدان سرحدی گزرگاہ دوبارہ کھولنے کا خیرمقدم کرتے ہوئے کہا ہے کہ تجارت کی بحالی ایک مثبت اقدام ہے، تاہم اس کے ثمرات ایل پی جی کی بلاتعطل فراہمی (بقیہ 23 صفحہ 3 پر)

ایران کا بندر عباس کے قریب ایک اور

امریکی ساختہ ڈرون مار گرانے کا دعویٰ

تہران (این این آئی) ایران کی فوج نے دعویٰ کیا ہے کہ اس کے فضائی دفاعی نظام نے جنوبی ایران کے ساحلی شہر بندر عباس کے اوپر ایک امریکی ڈرون مار گرایا ہے۔ خبر رساں ادارے رائٹرز کے مطابق ایرانی فوج کا یہ بیان نیم سرکاری خبر رساں ادارے تسنیم کے ذریعے سامنے آیا۔ ایرانی حکام کا کہنا ہے کہ مار گرایا گیا ڈرون امریکی ساختہ ایل یو سی اے ایس (LUCAS) تھا (بقیہ 24 صفحہ 3 پر)

دہشتگردوں کو کسی صورت معاف نہیں کیا جائیگا، نور محمد دمڑ

دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری رہے گی، سہولت کاروں سے بھی آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

بلوچستان کے عوام امن و امان کی بحالی اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے سیکیورٹی اداروں کی کوششوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں' صوبائی وزیر خوراک

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف مؤثر کارروائیاں بلوچستان میں امن و امان کے قیام کے لیے اہم پیش رفت ہیں۔ صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ نے اپنے بیان میں کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی بروقت اور (بقیہ 25 صفحہ 3 پر)

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ نواں کلی میں پارٹی کے بنیادی یونٹوں کے صدر اور جنرل سیکرٹریز کے مشاورتی اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں

روزنامہ Daily BALOCHISTAN Observer Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بالمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

پیداوار کی کارکردگی اور استعدادِ کار میں اضافے پر خصوصی توجہ کی ضرورت

وزیراعظم شہباز شریف سے بین الاقوامی مشاورتی فرم الویریز اینڈ مارسل کے شمالی امریکہ آپریشنز کے مینیجنگ ڈائریکٹر پیٹر بریگز نے وفد کے ہمراہ ملاقات کی پاکستان ادارہ جاتی اقتصادی اصلاحات، معیشت کی ڈیجیٹلائزیشن اور میرٹ و شفافیت کے فروغ کے ذریعے معاشی ترقی اور خوشحالی کے حصول کیلئے بھرپور کوششیں کر رہا ہے۔ وزیراعظم نے وفد کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اپنی معیشت کو بین الاقوامی منڈیوں کیلئے مزید کھولنے اور عالمی سطح پر تسلیم شدہ اقتصادی ماہرین سے مشاورت کیلئے پر عزم ہے۔ اقتصادی اور مالیاتی استحکام کا مشکل ہدف حاصل کرنے کے بعد حکومت گہری اور بنیادی نوعیت کی ادارہ جاتی اقتصادی اصلاحات کیلئے موثر اقدامات کر رہی ہے، جن کا مقصد برآمدات پر مبنی ترقی اور پیداواری معیشت کے نئے دور کا آغاز کرنا ہے۔ حکومت قومی صنعت و پیداوار کی کارکردگی اور استعدادِ کار میں اضافے پر خصوصی توجہ دے رہی ہے، جبکہ براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے حصول کیلئے بھی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ حکومت سرکاری ملکیتی اداروں کی معاشی افادیت اور پائیداری کا جائزہ لینے کیلئے فعال حکمتِ عملی پر عمل پیرا ہے، جس کے تحت قومی معیشت کی بہتری اور اقتصادی ترقی کیلئے ان اداروں کی نجکاری کی جا رہی ہے۔ معاشی ترقی کے عمل کو موثر اور تیز رفتار بنانے کیلئے ماہرین کی ٹیم اور پیشہ ورانہ صلاحیتوں کی حامل افرادی قوت اہمیت رکھتی ہے۔ پاکستان اقتصادی ترقی کو مستحکم کرنے کیلئے موثر اور فعال بین الاقوامی مشاورتی فرموں کے ساتھ نتیجہ خیز شراکت داری کیلئے تیار ہے۔ الویریز اینڈ مارسل کے مینیجنگ ڈائریکٹر پیٹر بریگز نے ملاقات کا موقع فراہم کرنے پر وزیراعظم کا شکریہ ادا کیا اور براہِ راست غیر ملکی سرمایہ کاری کے فروغ اور عالمی اقتصادی ماہرین کے ساتھ روابط قائم کرنے کیلئے حکومت پاکستان کے عزم کو سراہا۔ پیٹر بریگز نے پاکستان میں کاروبار کیلئے سازگار ماحول کے فروغ اور پیداواری معیشت کے قیام کیلئے اپنی فرم کی جانب سے تعاون اور مؤثر رابطہ کاری میں دلچسپی کا اظہار کیا

مالدیپ کے صدر کا اہم دورۂ پاکستان

بیدار سرمدی

مالدیپ اور پاکستان میں محبت کے بہت سے اسباب ہیں 26- دسمبر 2004 کا سونامی کسے یاد نہیں- یہ پاکستان کی نیوی تھی جو سب سے پہلے مالدیپ کے لوگوں کی مدد کو پہنچی- اس اہم مشن میں تاریخی امداد کی بنیاد پر ہی مشن کمانڈر ایڈمرل آصف سندھیلہ کو جو اس وقت PNS TARIQ اور PNS NASIR کو کمانڈ کر رہے تھے اور بعد میں پاکستان نیوی کے چیف آف نیول سٹاف بنے، مالدیپ کے اعلی قومی اعزاز سے نوازا گیا تھا- مالدیپ میں حکومت کسی کی بھی ہو ایک بات طے ہے مالدیپ اور پاکستان میں محبت کا رشتہ مضبوط سے مضبوط تر ہوتا رہا ہے- چند دن پہلے مالدیپ کی پارلیمنٹ کے سپیکر عبد الرحیم عبداللہ پاکستان آئے اور سول قیادت کے ساتھ ساتھ جنرل ہیڈ کوارٹرز راولپنڈی میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے بھی ملاقات کی اور باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی سیکیورٹی اور دوطرفہ تعاون پر تبادلہ خیال کیا۔ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر نے اس موقع پر کہا تھا کہ پاکستان مالدیپ کے ساتھ برادرانہ تعلقات کو اہمیت دیتا ہے، اور دونوں ممالک کے باہمی مفاد کیلئے دوطرفہ تعلقات کو مزید مضبوط بنانا ضروری ہے۔ اب خود مالدیپ کے صدر ڈاکٹر معیزو اور خاتون اول ساجدہ محمد نے پاکستان کا تین روزہ دورہ کیا ہے اور بہت سے معاہدوں کی بنیاد رکھ دی گئی ہے۔ تین روزہ دورے میں فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سے ملاقات اور صدر زرداری کی طرف سے عشائیہ سمیت بہت سی اہم ملاقاتیں ہوئی ہیں- مالدیپ کے صدر کا یہ سرکاری دورہ گزشتہ 11 سال میں کسی مالدیپ کے صدر کا پاکستان کا پہلا دورہ ہے۔ یہ دورہ پاکستان اور مالدیپ کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے 60 سال مکمل ہونے کے موقع پر ہوا ہے اور اس دورے کے دوران پاکستان اور مالدیپ میں دوطرفہ تعلقات کو مزید مستحکم بنانے اور مختلف شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے کیلئے انفارمیشن ٹیکنالوجی، مصنوعی ذہانت، سائبر سکیورٹی، ڈیجیٹل سکلز، صحت، تعلیم، دفاع، بحری سلامتی، زراعت، سیاحت، تجارت اور ماحولیاتی تحفظ سمیت مختلف شعبوں میں تعاون کیلئے مفاہمت کی 20 یادداشتوں (ایم او یوز) پر دستخط معمولی بات نہیں۔ معزز مہمان کے لئے ایک خصوصی تقریب کا اہتمام بھی ہوا جس میں انٹرنیشنل اسلامک یونیورسٹی اسلام آباد نے مالدیپ کے صدر ڈاکٹر محمد معیزو کو سیاست اور بین الاقوامی تعلقات کے شعبے میں ڈاکٹریٹ کی اعزازی ڈگری دی۔ یقیناً وہ لمحات محبت کا مثالی مظاہرہ تھا جب وزیراعظم ہاوس آمد پر وزیراعظم کی طرف سے صدر ڈاکٹر معیزو کا استقبال ہوا اور انکے اعزاز میں گارڈ آف آنر کی تقریب منعقد کی گئی۔ صدر معیزو نے اس محبت کو یادگار بنانے کے لئے وزیراعظم ہاوس میں پودا لگایا۔ مذاکرات کے دوران دونوں برادر اسلامی ممالک کے قائدین نے پاکستان اور مالدیپ کے دوطرفہ تعلقات کا جائزہ لیا اور علاقائی و عالمی امور پر تبادلہ خیال کیا۔ دونوں رہنماوں نے دوطرفہ تجارت، سرمایہ کاری، سیاحت، غذائی تحفظ، ادویات اور نجی شعبے کے درمیان شراکت داری بڑھانے پر اتفاق کیا۔ دونوں رہنماوں نے فضائی اور بحری رابطوں کو بہتر بنانے اور مشترکہ اقتصادی کمیشن کا اجلاس جلد منعقد کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ وزیراعظم اور مالدیپ کے صدر نے اگلے دو سال میں دوطرفہ تجارت موجودہ ایک کروڑ 34 لاکھ ڈالر سے بڑھا کر 20 کروڑ ڈالر تک پہنچانے کا ہدف مقرر کیا۔ 100 فی صد مسلمان آبادی والے اور چھوٹے بڑے متعدد جزیروں پر مشتمل خود دار ملک مالدیپ کے لئے وزیراعظم نے ضروری غذائی اشیا اور ادویات کی فراہمی کیلئے آمادگی کا اعادہ کیا ہے تو یہ محبت کا تسلسل بھی ہے۔

مولانا کی وفاقی حکومت پر لفظی گولہ باری کیوں؟

پاکستان کی سیاست میں بعض رہنما ایسے ہیں جو حکومت میں ہوں یا اپوزیشن میں، اپنی سیاسی اہمیت برقرار رکھنا خوب جانتے ہیں۔ ملکی سیاست میں مولانا فضل الرحمان بھی ان گنے چنے سیاست دانوں میں ایک ہیں جو اپنی سیاسی حکمت عملی، پارلیمانی تجربے اور مذہبی ووٹ بینک کی بدولت ملک کے سیاسی منظرنامے میں ایک اہم مقام رکھتے ہیں۔ جب بھی ملک میں حکومت اور اپوزیشن کے درمیان کشیدگی بڑھتی ہے تو مولانا کا کردار محض بیانات تک محدود نہیں رہتا، بلکہ وہ سیاسی حالات کا رخ موڑنے کی کوشش کرنا بھی خوب جانتے ہیں۔ خیبر پختونخوا میں گورنر راج اور ایمرجنسی کے نفاذ کے حوالے سے ان کا سخت مؤقف بھی اسی سیاسی پس منظر کی ایک کڑی ہے، جو ان دنوں میڈیا کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔

مولانا فضل الرحمان کی وفاقی حکومت سے شکایات محض کسی انتظامی فیصلے کے خلاف احتجاج نہیں ہیں، بلکہ ان کے پس منظر میں آئینی اختیارات، صوبائی خودمختاری، امن و امان کی صورت حال اور سیاسی مفادات سے متعلق کئی سوالات جنم لیتے ہیں۔ ان میں چند اہم سوالات یہ ہیں: اگر کسی صوبے میں امن وامان کی صورت حال خراب ہو تو اس کا حل کیا ہونا چاہیے؟ کیا منتخب حکومت کو ہٹا کر صوبے میں ایمرجنسی یا گورنر راج نافذ کرنے سے دہشت گردی ختم ہو سکتی ہے؟ کیا ایسا سخت اقدام صوبے کے عوام میں بداعتمادی کو مزید نہیں بڑھائے گا؟ یہ سوالات صرف خیبر پختونخوا کی سیاست تک محدود نہیں، بلکہ پاکستان کے وفاقی حکومت کے مستقبل سے بھی تعلق رکھتے ہیں۔

مولانا میڈیا پر بارہا یہ مؤقف دہرا چکے ہیں کہ اگر دہشت گردی کو بنیاد بنا کر کسی صوبے کی منتخب حکومت کے خلاف غیر معمولی آئینی اقدامات اٹھانے پر غور کیا جا رہا تھا تو اس سے پہلے پارلیمان میں سنجیدہ بحث ہونی چاہیے تھی۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ امن وامان قائم کرنا ریاست کی ذمہ داری ہے، لیکن اس ذمہ داری کو پورا کرنے کے لیے آئینی حدود اور عوام کے منتخب نمائندوں کے اختیارات کا احترام بھی ضروری ہے۔ اگر کسی صوبائی حکومت سے اختیارات واپس لینے کو مسائل کا حل سمجھا جاتا ہے تو پھر یہ بھی واضح کرنا ہوگا کہ اس اقدام سے دہشت گردی کے خاتمے میں عملی طور پر کیا مدد مل سکے گی۔

بلوچستان کی صورت حال کے حوالے سے مولانا کا سوال بھی میڈیا میں زیر بحث ہے۔ ان کے مطابق، اگر کسی صوبے میں دہشت گردی کی موجودگی گورنر راج نافذ کرنے کی وجہ بن سکتی ہے تو پھر بلوچستان کے لیے یہی معیار کیوں اختیار نہیں کیا جاتا، جہاں دہشت گردی کے واقعات بھی سنگین صورت اختیار کرتے رہے ہیں؟ تاہم یہ مولانا کا مؤقف ہے۔ دونوں صوبوں کے حالات، آئینی تقاضے اور انتظامی حقائق مختلف ہو سکتے ہیں۔ اس لیے کسی بھی فیصلے کا جائزہ جذباتی بیانات کے بجائے حقائق اور قانونی اصولوں کی بنیاد پر لیا جانا چاہیے۔ اصل ضرورت یہ ہے کہ وفاقی حکومت واضح کرے کہ ایسے اقدام کے لیے کون سے آئینی جواز موجود ہیں اور اس سے کیا نتائج حاصل ہونے کی توقع ہے۔

مولانا فضل الرحمان اپنی سیاسی تقاریر میں اپنے مؤقف کی حمایت میں جمعیت علمائے اسلام کے کارکنوں کی قربانیوں کا حوالہ بھی دیتے ہیں۔ ان کے مطابق، پارٹی کارکنوں نے دہشت گردی کے خلاف جدوجہد میں جانی نقصان اٹھایا ہے، اس لیے پوری جماعت کو دہشت گردوں کا ہمدرد سمجھنا ناانصافی ہوگی۔ ان کے اس مؤقف کو سنجیدگی سے سننا چاہیے، کیونکہ کسی سیاسی جماعت کے بارے میں اجتماعی الزامات لگانے کے بجائے مخصوص واقعات اور شواہد کی بنیاد پر بات کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح دہشت گردی کے خلاف کسی جماعت کی جانب سے دی گئی قربانیوں کا اعتراف بھی کیا جانا چاہیے، جو جمہوری سیاست کا ایک اہم اصول ہے۔

مولانا پارلیمان کا اِن کیمرا اجلاس بلانے کا مطالبہ بھی کر رہے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ قومی سلامتی کے کئی معاملات ایسے ہوتے ہیں جن کی تفصیلات عوام کے سامنے پیش کرنا مناسب نہیں ہوتا، لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ منتخب نمائندوں کو بھی صورت حال سے بے خبر رکھا جائے۔ پارلیمان کو سکیورٹی پالیسی، فوجی کارروائیوں کے نتائج، متاثرہ علاقوں کی صورت حال اور دہشت گردی کے خاتمے کے لیے اختیار کی گئی حکمت عملی کے بارے میں اعتماد میں لینا چاہیے۔ اس عمل سے نہ صرف حکومتی پالیسیوں کو سیاسی حمایت مل سکتی ہے بلکہ ان کی خامیوں کی نشاندہی کا موقع بھی پیدا ہوسکتا ہے۔

دوسری جانب حکومتی ارکان کی طرف سے مولانا پر یہ الزام عائد کیا جا رہا ہے کہ ان کی ناراضی کی وجہ اقتدار کی تقسیم میں حصہ نہ ملنا ہے۔ تاہم ایسے الزامات کا فیصلہ صرف بیانات کی بنیاد پر نہیں کیا جا سکتا۔ سیاسی رہنماؤں کے اپنے مفادات ضرور ہوتے ہیں، لیکن ہر اختلاف کو ذاتی رنجش قرار دینا بھی مناسب نہیں۔ مولانا کے مؤقف کا جائزہ ان کے مطالبات، سیاسی سرگرمیوں اور آئینی دلائل کی بنیاد پر لیا جانا چاہیے۔ اگر ان کے اعتراضات اصولی ہیں تو حکومت کو ان کا جواب دلیل اور شواہد کے ساتھ دینا چاہیے۔ اگر ان کے مؤقف میں سیاسی مصلحتیں بھی شامل ہیں تو ان پہلوؤں پر غور کرنا بھی ضروری ہے

عوامی خدمت کی روایت اور ترقی کا عزم

چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور فیاض محمود شیخ اور "شیخ ہاؤس" کا تاریخی کردار


تحریر: شاہد گولہ

سندھ کا تاریخی شہر شکارپور، جو اپنی بیدار مغز ثقافت، تعلیم دوست ماحول اور منفرد طرزِ تعمیر کے باعث "پیرس آف سندھ" کے نام سے جانا جاتا ہے، ہمیشہ سے سیاسی وسماجی تحرکات کا مرکز رہا ہے۔ اس تاریخی شہر کی رونقوں کی بحالی اور عوامی مسائل کے حل میں شیخ ہاؤس شکارپور کا نام ایک روشن اور ناقابلِ فراموش باب کی حیثیت رکھتا ہے۔

اس روایت کو موجودہ دور میں آگے بڑھاتے ہوئے، پاکستان پیپلز پارٹی (PPP) کے ممتاز اور عوامی رہنما محترم فیاض محمود شیخ صاحب بطور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور شہر کی بہتری، بنیادی ڈھانچے کی بحالی اور عوام الناس کی خدمت کے لیے شب وروز متحرک ہیں۔

شکارپور کی تاریخ میں شیخ ہاؤس صرف ایک رہائش گاہ کا نام نہیں، بلکہ یہ دہائیوں سے علاقے کے غریب، مظلوم اور حاجت مند لوگوں کے لیے امید کا مرکز اور پناہ گاہ رہا ہے اور شیخ ہاؤس کا سیاسی وسماجی سفر پاکستان پیپلز پارٹی کے سینئر رہنما اور سابق صوبائی وزیر سندھ جناب مقبول احمد شیخ صاحب اور انکے والد محترم مرحوم محترم عبدالرحمان خان شیخ اور خاندان کے دیگر اکابرین سے جڑا ہے۔ شیخ خاندان نے ہر مشکل دور میں شکارپور کے عوام کے ساتھ اپنا رشتہ مضبوط رکھا ہے۔

شیخ ہاؤس کے دروازے بلا تفریق مذہب، ذات اور سیاسی وابستگی ہر عام وخاص کے لیے ہر وقت کھلے رہتے ہیں۔ معاشی مشکلات کا شکار لوگ ہوں، انتظامی یا پولیس کے مسائل ہوں یا خاندانی تنازعات، شیخ ہاؤس میں قائم "عوامی دربار" میں ہر شخص کو عزت اور انصاف فراہم کیا جاتا ہے اور علاقے کے سیاسی وسماجی تنازعات کو باہمی رضامندی اور جرگہ سسٹم کے ذریعے پرامن طور پر حل کرانے میں شیخ ہاؤس نے ہمیشہ ایک غیر جانبدار اور محترم ثالث کا کردار ادا کیا ہے۔

فیاض محمود شیخ صاحب نے شیخ ہاؤس کی اسی خدمت خلق کی عظیم روایت کو اپنا مشعلِ راہ بنایا۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور صوبائی قیادت کی رہنما ہدایات کے تحت جب انہوں نے میونسپل کمیٹی شکارپور کا چارج سنبھالا، تو ان کا مقصد صرف ایک عہدہ حاصل کرنا نہیں بلکہ شکارپور کو ایک جدید اور سہولیات سے آراستہ شہر بنانا تھا۔

انہوں نے روایتی سیاست سے ہٹ کر انتظامی کارکردگی، شفافیت اور فیلڈ ورک کو اپنی ترجیح بنایا۔

میونسپل کمیٹی کے تحت نمایاں ترقیاتی کام اور کارکردگی

شکارپور شہر کو گزشتہ دہائیوں میں شہری مسائل، سیوریج کے ابتر نظام اور سڑکوں کی زبوں حالی جیسے چیلنجز کا سامنا رہا ہے۔ چیئرمین فیاض محمود شیخ صاحب نے ذمہ داریاں سنبھالتے ہی ایک قلیل المدتی اور طویل المدتی منصوبہ بندی تشکیل دی۔ اور شکارپور شہر کے دیرینہ مسائل میں سے ایک نالیوں اور سیوریج کے پانی کی نکاسی تھا۔ چیئرمین فیاض محمود شیخ نے میونسپل عملے کو اپنی ٹیکنیکل ہدایات کے ساتھ شہر کے اہم نالوں کی صفائی اور ڈرینج پمپنگ اسٹیشنوں کو فعال بنانے کی خصوصی مہمات چلائیں اور شہر کے تمام وارڈز اور گلی محلوں میں صفائی کے نظام کو منظم کرنے کے لیے سالڈ ویسٹ مینیجمنٹ کے اصولوں کو بروئے کار لایا گیا۔ میونسپل کمیٹی کی گاڑیاں اور عملہ روزانہ کی بنیاد پر کچرا اٹھانے کی مہمات میں مصروف عمل رہتی ہیں، جس سے شہر کے مرکزی بازاروں اور رہائشی علاقوں کی صورتحال میں بہتری آئی ہے۔ اور اسکے علاوہ شکارپور کے اہم چوراہوں، شاہراہوں اور تنگ گلیوں میں رات کے وقت روشنی کا انتظام یقینی بنانے کے لیے نئی اسٹریٹ لائٹس اور ایل ای ڈی سسٹمز نصب کیے گئے اور تاکہ بالخصوص خواتین کی حفاظت اور نقل وحمل کو آسان بنانے کے لیے شہر کے اہم چوراہوں اور گلیوں میں ن ایل ای ڈی اسٹریٹ لائٹس نصب کی گئیں۔ اس کے ساتھ ساتھ بنیادی شاہراہوں پر پیچ ورک اور سڑکوں کی مرمت کا کام تیز کیا گیا اور اس کے ساتھ ساتھ خستہ حال سڑکوں کی مرمت اور پیچ ورک کے ذریعے شہریوں کے لیے نقل وحمل کو آسان بنایا گیا ہے۔

شہریوں کو بنیادی سہولیات انھی کی دہلیز پر فراہم کرنے کی حکمت عملی کے تحت چیئرمین فیاض محمود شیخ صاحب کی خصوصی کاوشوں سے میونسپل کمیٹی شکارپور کے مرکزی دفتر میں نادرا (NADRA) کا بوتھ قائم کیا گیا۔ اس اقدام سے عام شہریوں، بالخصوص خواتین اور بزرگوں کو شناختی کارڈ اور دیگر دستاویزات کی تصدیق کے لیے دور دراز دفاتر کے چکروں سے نجات ملی اور وقت کی بچت ممکن ہوئی۔

شکارپور کی تاریخی عمارتوں اور قدیم بازاروں کے تشخص کو برقرار رکھنے کے لیے میونسپل کمیٹی کی سطح پر مختلف تجاویز اور مقامی اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں تاکہ شہر کے قدیم حسن کو بحال کیا جاسکے۔

فیاض محمود شیخ کی قیادت کی ایک سب سے بڑی خصوصیت ان کا کھلی کچہریوں اور اوپن ڈور پالیسی کا انعقاد ہے اور انہوں نے شہریوں کے مسائل براہِ راست سننے اور حل کرنے کے لیے میڈیا سیل اور کمپلینٹ آؤٹ لیٹس کو متحرک کیا ہے۔

اسکے علاوہ صرف دفتر تک محدود رہنے کے بجائے وہ خود شہر کے مختلف وارڈز کا دورہ کر کے جاری ترقیاتی کاموں کے معیار اور عملے کی حاضری کا معائنہ کرتے ہیں۔ اگرچہ محدود میونسپل بجٹ اور وسائل کی کمی جیسے چیلنجز اب بھی درپیش ہیں، تاہم چیئرمین فیاض محمود شیخ کا ویژن شکارپور کو ایک جدید، صاف ستھرا اور سرسبز شہر بنانا ہے۔ ان کے آئندہ منصوبوں میں شامل ہیں۔

شہر کی خوبصورتی، پبلک پارکس کی بحالی اور پینے کے صاف پانی کے فلٹریشن پلانٹس کا مزید گلی محلوں تک پھیلاؤ کیا گیا تاکہ میونسپل کمیٹی کے نظام کو جدید ڈیجیٹلائزیشن کی طرف گامزن کرنا۔

فیاض محمود شیخ نے یہ ثابت کیا ہے کہ قیادت کا اصل امتحان عوامی خدمت میں ہوتا ہے۔ انہوں نے جہاں ایک طرف شیخ ہاؤس کی تاریخی وروایتی عوامی خدمت کے علم کو بلند رکھا ہے، وہاں دوسری طرف میونسپل کمیٹی شکارپور کے پلیٹ فارم سے شہر کی بنیادی ساخت کو بہتر بنا کر ایک روشن اور جدید شکارپور کی بنیاد رکھ دی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کا منشور اور عوامی خدمت کا جذبہ ان کی ہر پالیسی کا محور و مرکز ہے اور محترم فیاض محمود شیخ صاحب نے بطور چیئرمین میونسپل کمیٹی شکارپور اپنی عملی جدوجہد اور عوامی خدمت سے یہ ثابت کیا ہے کہ اگر نیت صاف اور جذبہ سچا ہو تو محدود وسائل میں بھی مثبت تبدیلی لائی جاسکتی ہے۔ پاکستان پیپلز پارٹی کے منشور "روٹی، کپڑا اور مکان" کے ساتھ ساتھ شہری سہولیات کی فراہمی کے عمل کو آگے بڑھاتے ہوئے وہ شکارپور کی ترقی وخوشحالی میں اپنا فعال اور تاریخی کردار ادا کر رہے ہیں۔

☆☆☆☆

پودوں کی غذائی ضروریات

تحریر: عبدالواحد
بی ایس ایگرونومی، کامسیٹس یونیورسٹی

زراعت صرف بیج بونے، کھاد ڈالنے اور پانی لگانے کا نام نہیں، بلکہ یہ سمجھنے کا علم بھی ہے کہ فصل کو کس وقت، کتنی مقدار میں اور کس جگہ کس چیز کی ضرورت ہے۔ ہمارے ہاں بہت سے کسان پورے کھیت میں ایک جیسی مقدار میں کھاد اور پانی استعمال کرتے ہیں، حالانکہ کھیت کی مٹی، نمی، زرخیزی اور پودوں کی نشوونما ہر جگہ یکساں نہیں ہوتی۔ کہیں مٹی میں غذائی اجزا کی کمی ہوتی ہے، کہیں پانی ضرورت سے زیادہ ہوتا

ہے اور کہیں پودے اچھی نشوونما کے باوجود مطلوبہ پیداوار نہیں دے پاتے۔

اس صورت حال میں جدید زرعی تحقیق ایک اہم راستہ دکھاتی ہے۔ اس طریقہ کاشت میں پورے کھیت کو ایک جیسا سمجھنے کے بجائے اس کے مختلف حصوں کی ضروریات معلوم کی جاتی ہیں۔ پھر اسی کے مطابق کھاد، پانی اور دیگر زرعی وسائل استعمال کیے جاتے ہیں۔ اس طرح کسان اخراجات کم کرنے، وسائل بچانے اور فصل کی بہتر پیداوار حاصل کرنے کی کوشش کرسکتا ہے۔

ضرورت کے مطابق کاشتکاری کیا ہے؟

ضرورت کے مطابق کاشتکاری ایک ایسا جدید طریقہ ہے جس میں کھیت کی مٹی، فصل کی حالت، پانی کی دستیابی اور غذائی اجزا کی ضرورت کو سامنے رکھ کر فیصلے کیے جاتے ہیں۔ اس کا بنیادی اصول یہ ہے کہ ہر جگہ اتنی ہی کھاد اور پانی استعمال کیا جائے جتنی واقعی ضرورت ہو۔

مثال کے طور پر، اگر گندم کے کھیت کے ایک حصے میں نائٹروجن کی کمی ہے لیکن دوسرے حصے میں اس کی مقدار مناسب ہے تو دونوں جگہ یکساں کھاد ڈالنا درست فیصلہ نہیں ہوگا۔ پہلے حصے کو اضافی نائٹروجن کی ضرورت ہو سکتی ہے، جبکہ دوسرے حصے میں مزید کھاد ڈالنے سے اخراجات بڑھ سکتے ہیں اور ماحول کو بھی نقصان پہنچ سکتا ہے۔

اسی طرح اگر کھیت کے ایک حصے میں نمی مناسب ہو اور دوسرے حصے میں مٹی خشک ہو تو دونوں جگہ ایک جیسی آبپاشی کرنے کے بجائے ضرورت کے مطابق پانی دینا زیادہ فائدہ مند ہوسکتا ہے۔

کھیت کی مٹی کو سمجھنا کیوں ضروری ہے؟

کامیاب فصل کی بنیاد صحت مند مٹی ہے۔ مٹی میں نائٹروجن، فاسفورس، پوٹاشیم اور دیگر غذائی اجزا کی مناسب مقدار پودوں کی نشوونما، جڑوں کی مضبوطی، شاخوں اور پتوں کی بڑھوتری اور دانے یا پھل کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔

لیکن ہر کھیت کی مٹی ایک جیسی نہیں ہوتی۔ ایک ہی کھیت میں بھی مختلف مقامات پر مٹی کی زرخیزی اور نمی میں فرق ہوسکتا ہے۔ اس لیے کھاد ڈالنے سے پہلے مٹی کا تجزیہ کروانا ایک مفید قدم ہے۔

مٹی کے تجزیے سے معلوم ہوسکتا ہے کہ اس میں کون سے غذائی اجزا کم یا زیادہ ہیں اور فصل کو کن چیزوں کی ضرورت ہے۔ کسان اس معلومات کی بنیاد پر کھاد کی مناسب مقدار کا فیصلہ کرسکتا ہے۔ اس سے غیر ضروری کھاد کے استعمال میں کمی اور دستیاب وسائل کے بہتر استعمال میں مدد مل سکتی ہے۔

تاہم مٹی کا تجزیہ ہی کافی نہیں۔ فصل کی قسم، سابقہ فصل، متوقع پیداوار، آبپاشی کے پانی اور زمین کی حالت کو بھی مدنظر رکھنا چاہیے۔

جدید ٹیکنالوجی کسان کی مدد کیسے کرتی ہے؟

آج دنیا کے کئی زرعی علاقوں میں ایسے آلات اور طریقے استعمال ہو رہے ہیں جو کسان کو کھیت کی حالت سمجھنے میں مدد دیتے ہیں۔ ان میں مٹی کی نمی ناپنے والے آلات، کھیت کی تصاویر لینے والے ڈرون، سیٹلائٹ سے حاصل ہونے والی تصاویر اور کھاد کی مقدار خودکار طور پر بدلنے والی مشینیں شامل ہیں۔

مٹی کی نمی ناپنے والے آلات بتا سکتے ہیں کہ جڑوں کے قریب پانی کی مقدار کتنی ہے۔ اس معلومات سے آبپاشی کا وقت طے کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ڈرون اور سیٹلائٹ کی تصاویر کے ذریعے کھیت کے ان حصوں کی نشاندہی کی جا سکتی ہے جہاں فصل کی بڑھوتری کمزور دکھائی دے رہی ہو۔

البتہ تصاویر میں فصل کا کمزور نظر آنا ہمیشہ کھاد کی کمی کی علامت نہیں ہوتا۔ اس کی وجہ پانی کی کمی، بیماری، کیڑے، جڑی بوٹیاں، زمین کی ساخت یا کوئی اور مسئلہ بھی ہوسکتا ہے۔ اس لیے تصاویر کو کھیت کے عملی معائنے اور ضرورت پڑنے پر مٹی یا پودوں کے تجزیے کے ساتھ استعمال کرنا چاہیے۔

بعض جدید مشینیں کھیت کے مختلف حصوں میں ضرورت کے مطابق کھاد کی مقدار تبدیل کرسکتی ہیں۔ اس طرح ایک ہی کھیت میں ہر جگہ یکساں مقدار ڈالنے کے بجائے مختلف حصوں کو ان کی ضرورت کے مطابق کھاد دی جاسکتی ہے۔

کھاد کا درست استعمال پیداوار کے لیے کیوں اہم ہے؟

پاکستان میں کھاد فصل کی پیداوار پر اثر انداز ہونے والے اہم عوامل میں شامل ہے۔ بعض اوقات کسان زیادہ پیداوار کی امید میں ضرورت سے زیادہ کھاد استعمال کرتا ہے، لیکن زیادہ کھاد ہمیشہ زیادہ پیداوار کی ضمانت نہیں ہوتی۔

اگر پودے کو کسی خاص غذائی جز کی کمی ہو تو مناسب مقدار میں اس کی فراہمی فائدہ دے سکتی ہے۔ لیکن جب ضرورت پوری ہو چکی ہو تو مزید کھاد ڈالنے سے پیداوار میں اسی تناسب سے اضافہ ضروری نہیں۔ اس کے برعکس اخراجات بڑھ سکتے ہیں اور بعض حالات میں غذائی اجزا پانی کے ساتھ بہہ کر ماحول کو متاثر کر سکتے ہیں۔

گندم کی مثال لیجیے۔ اگر کسی کھیت میں نائٹروجن کی ضرورت، مٹی کی زرخیزی اور فصل کی حالت کو سمجھے بغیر کھاد ڈالی جائے تو کسان کے لیے یہ جاننا مشکل ہوگا کہ اس کی رقم واقعی فصل کی ضرورت پوری کر رہی ہے یا نہیں۔ اس کے برعکس مٹی کے تجزیے، فصل کی حالت اور مقامی زرعی سفارشات کی بنیاد پر کھاد کا منصوبہ بنایا جائے تو بہتر فیصلے کیے جا سکتے ہیں۔

یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ نائٹروجن، فاسفورس اور پوٹاشیم کا کردار ایک جیسا نہیں۔ ہر غذائی جز کی اپنی اہمیت ہے، اس لیے صرف ایک قسم کی کھاد زیادہ ڈالنا فصل کی تمام ضروریات پوری نہیں کرتا۔

پانی کی بچت اور بہتر آبپاشی

پاکستان جیسے ملک میں جہاں بہت سے علاقوں میں پانی کی دستیابی ایک اہم مسئلہ ہے، وہاں آبپاشی کا درست انتظام خاص اہمیت رکھتا ہے۔ فصل کو پانی کی کمی سے نقصان پہنچ سکتا ہے، لیکن ضرورت سے زیادہ پانی بھی مسائل پیدا کرسکتا ہے۔ اس سے پانی ضائع ہونے، غذائی اجزا کے نیچے بہہ جانے اور بعض زمینوں میں نمکیات یا پانی کھڑا ہونے جیسے مسائل بڑھ سکتے ہیں۔

جدید طریقوں میں مٹی کی نمی، موسم، فصل کی عمر اور پانی کی دستیابی کو سامنے رکھ کر آبپاشی کا فیصلہ کیا جاتا ہے۔ مثال کے طور پر، اگر مٹی میں مناسب نمی موجود ہے تو صرف مقررہ دن آنے کی وجہ سے دوبارہ پانی لگانے کی ضرورت نہیں ہوسکتی۔ اسی طرح فصل کی حساس نشوونما کے مرحلے میں پانی کی کمی سے بچنا ضروری ہوتا ہے۔

کسان مٹی کو ہاتھ سے جانچنے، کھیت کا باقاعدگی سے معائنہ کرنے اور دستیاب نمی ناپنے والے آلات سے بھی فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ ہر کسان کے لیے مہنگے آلات خریدنا ضروری نہیں؛ اصل مقصد پانی کی ضرورت کو بہتر طور پر سمجھنا ہے۔

پاکستان کے کسان اس طریقے سے کیسے فائدہ اٹھا سکتے ہیں؟

پاکستان میں جدید زراعت کی طرف پیش رفت کے لیے تحقیق، تربیت اور ٹیکنالوجی تک رسائی ضروری ہے۔ اگست 2024 میں اقوام متحدہ کے ادارۂ خوراک وزراعت (ایف اے او) اور وزارت قومی غذائی تحفظ وتحقیق نے پاکستان میں زرعی شعبے کو جدید بنانے کے مقصد سے ڈیجیٹل زراعت کے ایک اتحاد کے آغاز کا اعلان کیا۔ یہ پیش رفت اس بات کی اہمیت ظاہر کرتی ہے کہ زرعی معلومات اور جدید طریقوں کو کسانوں تک پہنچایا جائے۔

تاہم چھوٹے اور درمیانے کسانوں کے لیے جدید آلات کی قیمت، تربیت کی کمی اور انٹرنیٹ یا تکنیکی سہولتوں تک محدود رسائی مشکلات پیدا کرسکتی ہے۔ اس لیے ہر کسان کو فوراً مہنگی مشینری خریدنے کا مشورہ دینا مناسب نہیں۔

کسان چند بنیادی اقدامات سے آغاز کر سکتے ہیں:

1. فصل کی کاشت سے پہلے مٹی کا تجزیہ کروائیں۔
2. کھاد کی مقدار کے لیے مقامی زرعی ماہر یا محکمۂ زراعت کی سفارشات پر عمل کریں۔
3. کھیت کے مختلف حصوں میں فصل کی بڑھوتری اور مٹی کی نمی کا باقاعدگی سے معائنہ کریں۔
4. آبپاشی کا فیصلہ صرف اندازے کے بجائے فصل کی ضرورت اور زمین کی حالت کو دیکھ کر کریں۔

5. نئی ٹیکنالوجی آزمانے سے پہلے چھوٹے حصے میں اس کا تجربہ کریں اور نتائج کا روایتی طریقے سے موازنہ کریں۔

اس طرح کسان اپنی ضرورت اور مالی استطاعت کے مطابق جدید طریقے اختیار کرسکتے ہیں۔

کیا جدید ٹیکنالوجی ہر کسان کے لیے فائدہ مند ہے؟

جدید ٹیکنالوجی کے فوائد کے ساتھ اس کی حدود کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ ہر علاقے کی مٹی، موسم، فصل اور آبپاشی کی صورتحال مختلف ہوتی ہے۔ جو طریقہ ایک علاقے میں کامیاب ہو، ضروری نہیں کہ وہ ہر جگہ وہی نتائج دے۔

کسی آلے یا مشین پر سرمایہ لگانے سے پہلے کسان کو یہ دیکھنا چاہیے کہ اس سے متوقع بچت یا اضافی آمدنی، اس کی خریداری، مرمت، تربیت اور استعمال کے اخراجات سے زیادہ ہے یا نہیں۔ اگر مہنگی ٹیکنالوجی خریدنا ممکن نہ ہو تو مٹی کا تجزیہ، کھیت کا باقاعدہ معائنہ اور کھاد و پانی کے درست استعمال جیسے بنیادی اقدامات بھی اہم فائدہ دے سکتے ہیں۔

جدید ٹیکنالوجی کسان کے تجربے کی جگہ نہیں لیتی بلکہ اس کے فیصلوں کو بہتر بنانے میں مدد دیتی ہے۔ حتمی فیصلہ ہمیشہ فصل کی حالت، مقامی حالات اور مستند زرعی مشورے کو سامنے رکھ کر کرنا چاہیے۔

نتیجہ

زراعت کا مستقبل صرف زیادہ کھاد، زیادہ پانی یا زیادہ مشینری استعمال کرنے میں نہیں، بلکہ دستیاب وسائل کو سمجھداری سے استعمال کرنے میں ہے۔ ضرورت کے مطابق کھاد اور پانی فراہم کرنے سے کسان غیر ضروری اخراجات کم کرنے، قدرتی وسائل کی حفاظت کرنے اور بہتر پیداوار کے امکانات بڑھانے کی کوشش کرسکتا ہے۔

پاکستانی کسانوں کے لیے اس سفر کا آغاز مہنگے آلات سے نہیں بلکہ درست معلومات، مٹی کے تجزیے، فصل کے معائنے اور مناسب زرعی مشورے سے ہوسکتا ہے۔

جب کسان یہ سمجھنے لگے کہ اس کے کھیت کے کس حصے کو کس چیز کی کتنی ضرورت ہے، تو وہ اندازے کے بجائے معلومات کی بنیاد پر بہتر فیصلے کرسکے گا۔

اصل کامیابی یہی ہے کہ ہر پودے کو اس کی ضرورت کے مطابق خوراک اور پانی ملے، کسان کا خرچ مناسب رہے اور زمین کی زرخیزی آنے والی نسلوں کے لیے بھی محفوظ رہے۔

☆☆☆☆

بقیہ 1

پر کیا گیا، سکیورٹی فورسز نے مؤثر کارروائی کرتے ہوئے 6 بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کو ہلاک کر دیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق فائرنگ کے شدید تبادلے میں نائیک غلام مرتضیٰ اور سپاہی تاثیر احمد نے بہادری سے لڑتے ہوئے جام شہادت نوش کیا، شہید نائیک غلام مرتضیٰ کی عمر 36 سال اور تعلق ضلع گجرات سے تھا، جبکہ 30 سالہ سپاہی تاثیر احمد کا تعلق ضلع تلہ گنگ سے تھا۔ ترجمان پاک فوج کے مطابق ہلاک خوارج کے قبضے سے اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔ ہلاک خوارج سکیورٹی فورسز، قانون نافذ کرنے والے اداروں پر متعدد دہشت گرد حملوں اور معصوم شہریوں کے قتل میں ملوث رہے تھے۔ آئی ایس پی آر نے کہا ہے کہ علاقے میں موجود دیگر بھارتی سرپرستی یافتہ خوارج کے خاتمے کے لیے کلیئرنس آپریشن جاری ہے۔ ترجمان پاک فوج نے کہا کہ وفاقی ایپکس کمیٹی کی منظور کردہ قومی ایکشن پلان کی ہدایات کے تحت وژن عزم استحکام کے مطابق سکیورٹی فورسز اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کی انسدادِ دہشت گردی کی کارروائیاں پوری رفتار سے جاری رہیں گی، تاکہ ملک سے بیرونی سرپرستی اور حمایت یافتہ دہشت گردی کا مکمل خاتمہ کیا جاسکے۔ واضح رہے کہ آئی ایس پی آر کے مطابق وطن کے دفاع میں بہادر جوانوں کی قربانیاں ملک سے دہشت گردی کے خاتمے کے عزم کو مزید مضبوط کرتی ہیں۔

بقیہ 2

کے خلاف مؤثر اقدامات کی اہمیت اجاگر ہوتی ہے بلوچستان میں امن و استحکام کے قیام کے لیے دہشت گردوں، ان کے مالی معاونین اور سہولت کاروں کے خلاف کارروائیاں ناگزیر ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کی بدولت دہشت گردی کے خلاف جنگ جاری ہے اور پوری قوم اپنے بہادر جوانوں کے ساتھ کھڑی ہے۔ انہوں نے عزم ظاہر کیا کہ دہشت گردی کے مکمل خاتمے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ تک یہ جدوجہد جاری رہے گی۔

بقیہ 3

صورتحال، کاروبار اور تجارت کے فروغ، صنعتوں کو درپیش مسائل اور کاروباری برادری کو سہولیات کی فراہمی سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ملکی معیشت کی ترقی اور استحکام کے لیے ایکسپورٹ بیسڈ صنعتوں کے کردار کو مزید مضبوط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ حکومت نجی شعبے کے ساتھ مل کر معاشی سرگرمیوں کے فروغ اور کاروبار کے لیے سازگار ماحول کی فراہمی کے لیے کوشاں ہے۔ ملاقات میں ملازمت کے مواقع بڑھانے اور تجارتی سرگرمیوں کو وسعت دینے کے لیے باہمی تعاون کی اہمیت پر بھی زور دیا گیا۔ صدر لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے وزیراعظم شہباز شریف کو کاروباری برادری کو درپیش مسائل اور تجاویز سے آگاہ کیا۔ علی حسام نے حکومت کی معاشی پالیسیوں کی تعریف کی اور سرمایہ کار دوست پالیسیوں کو سراہا۔ انہوں نے پیداوار اور روزگار بڑھانے کے لیے قابل عمل تجاویز بھی پیش کیں۔ وزیراعظم نے پیش کردہ تجاویز کا جائزہ لینے کے لئے کمیٹی تشکیل دے دی۔ ملاقات میں وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات عطااللہ تارڑ بھی موجود تھے۔

بقیہ 4

پاس مختلف ماڈلز کے مجموعی طور پر 439 انجن موجود ہیں جن میں سے 267 فعال جبکہ 172 غیر فعال ہیں۔ ذرائع کے مطابق پاکستان ریلویز نے 69 انجنوں کی مرمت کے لیے متعلقہ مینوفیکچرر سے رابطہ کیا ہے جبکہ ان انجنوں کی بحالی کے لیے سپیئر پارٹس کی فراہمی پر بات چیت جاری ہے۔ آئندہ چار ماہ کے دوران 36 غیر فعال انجنوں کو کارآمد بنانے کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق زیڈ سی یو ماڈل کے 20 انجن آئندہ 2 ماہ میں فعال ہوجائیں گے جبکہ اے جی ای ماڈل کے 16 انجن فروری 2027 تک فعال کرنے کا منصوبہ ہے۔ جی ایم یو ماڈل کے 35 انجنوں کو جدید بنانے اور ان کی مرمت کے لیے پی سی ون تیار کر کے وزارت منصوبہ بندی کو بھجوا دیا گیا ہے تاہم وزارت منصوبہ بندی کی جانب سے تاحال اس پر جواب موصول نہیں ہوا۔

بقیہ 5

7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ ریسکیو اور پولیس کے مطابق جیپ جس پر گھاس لدا ہوا تھا اور 7 افراد سوار تھے، جیپ بے قابو ہو کر سیکڑوں فٹ گہری کھائی میں جا گری جس میں سوار ڈرائیور سمیت 7 افراد جاں بحق ہوگئے۔ مقامی افراد اور ریسکیو اہلکاروں نے جاں بحق ہونے والے افراد کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دیں۔ دوسری جانب سانگھڑ کے تعلقہ ٹنڈو آدم جھول روڈ پر مسافر کوچ اور کار میں خوفناک تصادم سے بچے اور خاتون سمیت 4 افراد جاں بحق جبکہ 4 زخمی ہوگئے۔ حادثے کے بعد جاں بحق افراد اور زخمیوں کو تعلقہ ہسپتال ٹنڈو آدم منتقل کر دیا گیا۔

بقیہ 6

عوام تک پہنچنا شروع ہوگئے، مشکل حالات کے بعد بہتری آئے گی۔ اپنے آبائی علاقے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ شہباز شریف حکومت کی پالیسیوں اور حکومت نے دن رات محنت کر کے ملک کو ڈیفالٹ ہونے سے بچایا۔ انہوں نے کہا کہ بدقسمتی سے خلیجی جنگ کے باعث حکومتی کوششوں کو نقصان پہنچا اور عوام کو وہ ریلیف فراہم نہیں کیا جاسکا جو حکومت دینا چاہتی تھی۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت نے ہر شعبے میں نمایاں اقدامات کیے ہیں تاکہ عام آدمی کی زندگی آسان بنائی جاسکے، موجودہ حالات میں عام آدمی کو مشکلات اور سخت حالات کا سامنا ہے، جس کی ایک بڑی وجہ خلیج میں بدلتے ہوئے جنگی حالات ہیں۔ رانا تنویر حسین نے کہا کہ حکومت کسانوں کو ان کی فصلوں کی پوری قیمت ادا کرنے کے لیے اقدامات کر رہی ہے، گندم کی نئی قیمت 4500 روپے فی من مقرر کر کے کسانوں کو ریلیف دیا گیا ہے جبکہ کھاد کی قیمتوں میں استحکام برقرار رکھا گیا اور انہیں بڑھنے سے روکنے کی کوشش کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہر فصل کے لیے معیاری بیج کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے گئے ہیں، تاکہ زرعی شعبے کو مضبوط بنایا جاسکے اور کسانوں کو بہتر پیداواری سہولیات میسر آئیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت کی کوشش رہی ہے کہ معاشی مشکلات کے باوجود عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف فراہم کیا جائے، تاہم خلیجی جنگ اور خطے کی بدلتی ہوئی صورت حال نے ان کوششوں کو متاثر کیا ہے۔ رانا تنویر حسین نے امید ظاہر کی کہ مشکل حالات سے گزرنے کے بعد ملک میں بہتری آئے گی اور حکومتی اقدامات کے مثبت نتائج سامنے آئیں گے، عوام کی مشکلات کم کرنا اور عام آدمی کی زندگی آسان بنانا حکومت کی ترجیحات میں شامل ہے۔

بقیہ 7

وزیراعظم نے کہا کہ صرف اور صرف قابلیت اور محنت کی بنیاد پر تعلیمی اداروں اور مدارس کے طلبا و طالبات میں یہ کروم بکس تقسیم کی جارہی ہیں، اس کے ساتھ ساتھ انہیں کروم بکس اور کتابوں کیلئے بیگ اور انٹرنیٹ مائی فائی بھی دیا جارہا ہے تاکہ گھر کے اندر بیٹھ کر بھی وہ ای لائبریری سے استفادہ حاصل کر سکیں اور دنیا سے جہاں چاہیں علم کے حصول کیلئے اس کروم بک کے ذریعے مستفید ہو سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ توقع ہے کہ ان جدید آلات کی مدد سے یہ طالب علم ممتاز اور قابل ترین افراد میں شمار ہوں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ ماضی میں مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت میں نواز شریف کی قیادت میں گلگت بلتستان، آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے چھ لاکھ نوجوانوں کو قابلیت اور میرٹ کی بنیاد لیپ ٹاپ دیئے گئے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اس پروگرام سے مستحق اور یتیم بچے مستفید ہوئے کیونکہ ذہانت اور محنت کسی امارت یا غربت کی پابند نہیں ہونی چاہئے، اس کی بنیاد صرف اور صرف محنت ہونی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں چھ لاکھ لیپ ٹاپ دس سال میں تقسیم کئے گئے، اب یہ کروم بکس ہونہار طالب علموں کو دو سال کے قلیل عرصہ میں فراہم کی جائیں گی، اس شاندار ڈیوائس کی بدولت یہ طلبا و طالبات دنیا میں قابلیت اور ذہانت میں کسی سے پیچھے نہیں ہوں گے۔ انہوں نے ٹو کیو کیئر فاؤنڈیشن کے بانی راشد منہاس اور ان کی ٹیم کا شکریہ ادا کیا جنہوں نے ان بچوں کیلئے یہ کروم بکس عطیہ کیں۔ وزیراعظم نے کہا کہ ان عطیات سے ثابت ہوتا ہے کہ سمندر پار پاکستانیوں کو جو دن رات محنت کر کے پاکستان کا نام بلند کرتے ہیں، انہیں اپنے بچوں کی قابلیت اور ذہانت کا احساس اور حکومت پاکستان پر اعتماد ہے جس پر میں ان کا مشکور ہوں۔ انہوں نے کہا کہ ابھی چند دن پہلے ہم نے اسلام آباد میں دانش سکول کا افتتاح کیا، ملک بھر میں اس وقت 27 دانش سکول زیر تعمیر ہیں، یہ سکول معیاری تعلیم کے حوالہ سے نمایاں مقام رکھیں گے، تدریس، اساتذہ کے حوالہ سے یہ ادارے ممتاز ہوں گے جہاں پر کلاس روم میں سمارٹ بورڈ اور سکولوں میں ای لائبریریز کی سہولت ہوگی، تعلیم کے ساتھ ساتھ انہیں غیر نصابی سرگرمیوں کیلئے کھیل کے میدانوں سمیت دیگر سہولیات میسر ہوں گے، یہاں پر بچوں کو مفت بہترین رہائش اور کھانا فراہم کیا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ کسی بھی حکومت کا یہ فرض ہے کہ وہ اس قوم کے بچوں کو عظیم شہری بنانے کیلئے ان کی معاونت کرے، اس مقصد کیلئے جتنے بھی وسائل درکار ہوئے، وہ بروئے کار لائیں گے۔ وزیراعظم نے کہا کہ سابق فاٹا سے تعلق رکھنے والے طالب علم سید شمس رضا نے یہاں اپنی روداد سنائی جس کے والد کو شہید کر دیا گیا تھا، شہدا کا اپنا مقام اور مرتبہ ہے، اس کا وعدہ قرآن کریم میں کیا گیا ہے، اس یتیم بچے کو حالات کے تھپیڑوں کی نظر کیا گیا، وہ کیسے اس کا مقابلہ کرتا لیکن اس کی ہمت، جستجو اور عزم دیکھ کر حوصلہ ہوا کہ وہ مشکل حالات کے باوجود محنت سے ایک قابل فخر پاکستانی بننا چاہتا ہے اور ملک و قوم کی خدمت کا جذبہ رکھتا ہے، اسی طرح گلگت بلتستان سے تعلق رکھنے والی مدرسہ میں زیر تعلیم عالمہ مہک صابر نے پراعتماد انداز میں یہاں گفتگو کی۔ اس سے قبل ماضی میں لیپ ٹاپ سکیم کے تحت ہم نے مدارس کے بچوں کو بھی یہ سہولت دی تھی۔ وزیراعظم نے کہا کہ اب پانچ لاکھ بچوں کو میرٹ اور قابلیت کی بنیاد پر یہ جدید آلات دیئے جارہے ہیں، یہ کروم بکس ان کیلئے باوقار روزگار کا وسیلہ بنیں گی، کووڈ کے زمانے میں ہم نے جن طالب علموں کو لیپ ٹاپ دیئے وہ ان کی تعلیم کیلئے کارآمد ثابت ہوئے اور وہ قابل ڈاکٹر، انجینئر اور پروفیشنل بنے کیونکہ تعلیم ایک ایسا زیور ہے جو معاشرے میں ممتاز بناتا ہے

بقیہ 8

سے کوئی بڑی پیشرفت نہیں کر رہا اور اس کی بیشتر جوہری تنصیبات تباہ کر دی گئی ہیں۔ امریکی صدر نے کہا کہ امریکا پک ایکس ماؤنٹین میں سرگرمیوں پر مسلسل نظر رکھے ہوئے ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ ایران میں جبل الفاس کے مقام پر کیا ہو رہا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے سابق امریکی صدر براک اوباما کے ایران کے ساتھ جوہری معاہدے کو بدترین قرار دیا۔ آبنائے ہرمز سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے ٹرمپ نے دعویٰ کیا کہ اس پر امریکا کا مکمل کنٹرول ہے اور جنگ سے پہلے کے مقابلے میں اب آبنائے ہرمز سے زیادہ کاروبار ہو رہا ہے۔ امریکی صدر نے مزید کہا کہ جنگ ختم ہونے کے بعد تیل کی قیمتیں تیزی سے کم ہو جائیں گی۔

بقیہ 9

دہشتگرد کمانڈر غیر مقامی دہشت گردوں کو ژوب، شیرانی اور شعبان میں مستقل رہائش فراہم کرنے میں مدد کرتا تھا، عادل شاہ 2022 اور 2023 سے سیکیورٹی فورسز پر حملوں اور اغوا برائے تاوان کے لیے بھتہ خوری میں بھی ملوث رہا۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق عادل شاہ کے خلاف انسداد دہشت گردی کی عدالتوں میں 19 ایف آئی آرز درج تھیں، جبکہ اس کے سر کی قیمت 25 لاکھ روپے مقرر کی گئی تھی۔

بقیہ 10

نام پاک چائنا فرینڈ شپ ہسپتال رکھنے کی تصدیق کی اور بتایا کہ چک شہزاد میں قائم ہسپتال کا نام وزیراعظم کی ہدایت پر تبدیل کیا ہے۔ ڈھائی سو بستروں پر مشتمل یہ ہسپتال کورونا وباء کے دوران 2020 میں چین نے بنا کر دیا تھا مگر تب سے 2025 تک یہ اسپتال غیر فعال رہا۔ مصطفیٰ کمال کے مطابق اس اسپتال کو پبلک پرائیویٹ پارٹنر شپ کے تحت انڈس ہیلتھ نیٹ ورک کے حوالے کیا گیا اور اب تزئین و آرائش کے بعد فعال کیا جا رہا ہے۔ ہسپتال میں زچہ بچہ پانچ بڑے شعبے اور جدید آپریشن تھیٹر موجود ہیں۔ اس اسپتال میں مریضوں کا مفت علاج ہوگا۔

بقیہ 11

پانے اور تجارتی راستوں کی بحالی کے لیے پاکستان بھرپور سفارتی کوششیں کر رہا ہے کیونکہ خطے میں امن و استحکام نہ صرف پاکستان کی معیشت بلکہ عالمی تجارت اور سرمایہ کاری کے فروغ کے لیے بھی ناگزیر ہے۔ چنیوٹ کے علاقے 150 چک کھوکھرا مین پور بنگلہ چنیوٹ میں فری میڈیکل کیمپ کے دورے کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ دنیا بھر میں تیل، گیس اور توانائی کی قیمتوں میں اضافے سے مہنگائی بڑھ رہی ہے جبکہ جنگی کشیدگی نے متعدد ممالک کی معاشی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان سمیت پورا خطہ اس وقت مختلف چیلنجز سے دوچار ہے اور جاری کشیدگی کے اثرات معیشت، تجارت اور عوامی زندگی پر مرتب ہو رہے ہیں، پاکستان کی کوشش ہے کہ تمام فریق تحمل کا مظاہرہ کریں، جنگ کا دائرہ وسیع ہونے سے روکا جائے اور خطے میں پائیدار امن قائم ہو۔ انہوں نے کہا کہ مقدس مقامات بالخصوص مکہ مکرمہ اور مدینہ منورہ کا تحفظ پوری امت مسلمہ کے لیے انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں سکیورٹی کی صورتحال اور سعودی عرب پر حوثیوں کے حملوں سمیت مختلف کشیدگیوں کے تناظر میں امن و استحکام کی بحالی ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی معیشت پہلے ہی مختلف مشکلات کا سامنا کر رہی ہے جبکہ افغانستان اور بھارت کے ساتھ تجارتی رکاوٹوں کے بعد خطے میں مزید کشیدگی ملکی تجارت پر اضافی دباؤ ڈال سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز سمیت اہم تجارتی راستوں کی بحالی اور خطے کے ممالک کے ساتھ معمول کی تجارتی سرگرمیوں کا فروغ پاکستان کے لیے اہم ہے۔ انہوں نے کہا کہ امن قائم ہونے اور تجارتی راستے کھلنے سے درآمدات، برآمدات اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع پیدا ہوں گے جس سے پاکستان سمیت عالمی معیشت کو بھی فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کہا کہ معاشی مشکلات اور مہنگائی صرف پاکستان تک محدود نہیں بلکہ ترقی یافتہ ممالک بھی ان مسائل سے متاثر ہو رہے ہیں

بقیہ 12

پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ اپریل 2026 میں ہونے والے پہلے اجلاس کے بعد دو طرفہ تعاون میں پیش رفت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں پاکستان نے پاک خلیج تعاون کونسل آزاد تجارتی معاہدے پر جلد دستخط کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ پاکستانی حکام نے بتایا کہ معاہدے کی داخلی منظوری کا عمل مکمل ہو چکا ہے، جبکہ حتمی کارروائی جلد مکمل کرنے کے لیے قطر سے تعاون کی درخواست کی گئی۔ پاکستان نے قطر سے ہڈی والے گوشت کی برآمد پر عائد پابندی جلد ختم کرنے کا مطالبہ بھی کیا۔ پاکستانی حکام کے مطابق گوشت کی برآمدات سے متعلق جانوروں کی صحت اور فوڈ سیفٹی کی جامع تکنیکی دستاویزات قطر کو فراہم کر دی گئی ہیں۔ اجلاس میں پاکستان سے قطر کو سرکاری سطح پر چاول کی فراہمی کے مجوزہ معاہدے پر بھی بات چیت ہوئی۔ ٹریڈنگ کارپوریشن آف پاکستان اور قطر کی حسا فوڈ کے درمیان مجوزہ معاہدہ منظوری کے لیے وفاقی کابینہ کو بھجوا دیا گیا ہے۔ پاکستان نے قطر کو جدید زراعت، اناج ذخیرہ کرنے، کولڈ اسٹوریج اور زرعی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ دونوں ممالک کے درمیان غذائی تحفظ کے لیے پائیدار سپلائی انتظامات پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اجلاس میں الیکٹرک گاڑیوں اور نئی توانائی سے چلنے والی گاڑیوں کی صنعت میں سرمایہ کاری، مشترکہ تیاری، ٹیکنالوجی کی منتقلی اور صنعتی شراکت داری کے مواقع بھی زیر غور آئے۔ پاکستان نے قطر کو انفارمیشن ٹیکنالوجی، ڈیجیٹل انفراسٹرکچر اور آئی ٹی خدمات کے شعبوں میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ پاکستان اور قطر کے درمیان بحری نقل و حمل اور شپنگ کے شعبے میں تعاون بڑھانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ پاکستان نے آئل ٹینکرز، ایل این جی کیریئرز اور کنٹینر جہازوں کے شعبوں میں تعاون کے مواقع پیش کیے۔ پاکستان نے مجوزہ نئی کراچی حیدرآباد موٹروے کو قطری سرمایہ کاری کے لیے ایک اہم منصوبے کے طور پر پیش کیا۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اس منصوبے سے بندرگاہوں کے درمیان رابطہ کاری اور وسط ایشیائی ممالک کے ساتھ علاقائی تجارت کو فروغ ملے گا۔ قطر نے پاکستان کے ساتھ سول ایوی ایشن اور فضائی روابط میں تعاون بڑھانے کی اہمیت پر زور دیا، جبکہ پاکستان نے اس تجویز کا خیر مقدم کیا۔ اجلاس میں مجوزہ سرمایہ کاری فنڈ اور مختلف ترجیحی شعبوں میں سرمایہ کاری کے مواقع پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ پاکستان نے زراعت، معدنیات، صنعت، تعلیم، صحت، سیاحت، آئی ٹی اور دیگر شعبوں میں تعاون کے لیے گیارہ تکنیکی ورکنگ گروپس کو جلد فعال بنانے پر زور دیا

بقیہ 13

دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکیورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ مہارت، بروقت کارروائیاں اور قربانیاں لائق تحسین ہیں فتنہ الخوارج کے دہشت گرد کمانڈر کے خلاف

مختصر اشتہارات

اقرار نامہ بابت ثالثی cancellation

میں شیخ محبوب شاہ ولد شیخ جہانگیر شاہ، قوم مندوخیل، تحصیل و ضلع ژوب۔ ھم فریقین نے چونکہ سٹام نمبر AM212615 تاریخ 2026-10-10 اقرار نامہ ثالثی سردار عطا اللہ کو دیا تھا اس سے میں اب دستبردار /withdraw ہوں میں اسکی ثالثی کو cancel کرتا ہوں نا میرا ثالثی ہے۔ اور نا میں اسکو کسی قسم فیصلہ کا مزید اختیار دیتا ہوں۔

تلاش گمشدہ

میرے موٹر سائیکل CD-70 کا واؤچر بنام زاہد علی ولد عبدالغنی انجن نمبر DSE 2441156 چیسز نمبر DSC-3442621 کہیں گم ہو گیا ہے جس کسی کو ملے 03033869187 پر اطلاع دے

المشتہر:۔ زاہد علی ولد عبدالغنی

گھر تباہ ہو رہے ہیں، شہر کی گندگی کے باعث نکاسی آب کا نظام ناکارہ ہو کر رہ گیا ہے۔ صفائی کا فقدان ہے اور سڑکوں پر موجود عجیب و غریب بھینسوں کے باڑے کے سبب لاڑکانہ کو مذاق بنا دیا گیا ہے

بقیہ 60

کلب گنداخہ کے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گنداخہ کی تعمیر و ترقی، عوامی مسائل کے حل، شفافیت اور شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے تمام [illegible]

تربت، ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز برکت اسماعیل گورنمنٹ گرلز انٹر کالج آبسر کے دورے کے موقع پر والدین سے تعلیمی امور کے بارے میں تبادلہ خیال کر رہے ہیں

بلوچستان کے وسائل پر سب سے پہلا حق یہاں کے عوام کا ہے' سراج الحق

بلوچستان میں بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بحران نے عوام کی زندگی اجیرن بنا دی ہے

کوئٹہ (این این آئی) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا ہے کہ بلوچستان میں بدامنی، بے روزگاری، مہنگائی اور معاشی بحران نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی ہے بلوچستان میں امن وامان کی مخدوش صورتحال، سرحدوں کی بندش اور شاہراہوں پر کشیدہ صورتحال نے کاروبار، تجارت اور روزگار کے مواقع محدود کر دیے ہیں۔ بلوچستان کے عوام کو بنیادی (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

حب: نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے 2 دکاندار زخمی

حب (این این آئی) حب جامع مسجد موندرہ چوک پر دکان پر ڈکیتی کے دوران دوکاندار کی مزاحمت پر فائرنگ فائرنگ کے نتیجے میں دوکان پر موجود دوکاندار شعیب اور احسان شدید زخمی ہوگے اور نا معلوم ملزمان باآسانی (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

ژوب پولیس کی کارروائی میں پکڑے گئے ملزمان بارے میڈیا کے نمائندوں کو بریفنگ دی جارہی ہے

ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد میں نامعلوم مسلح افراد پانچ موٹر سائیکلیں، نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار

نقاب پوش مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر عابد علی ابڑو سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد ڈکیتی اور رہزنی کی مختلف وارداتیں پانچ موٹر سائیکلز نقدی اور موبائل فون چھین لیے گئے ملزمان فرار ہوگئے ڈکیتی اور رہزنی کے واقعات سے عوام سخت پریشان پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود پٹ فیڈر پل ریلوے پھاٹک کے مقام پر تین نقاب پوش مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر عابد علی ابڑو سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے ڈیرہ مراد جمالی صدر پولیس تھانے کی حدود دوست ہوٹل قومی شاہراہ پر دو نامعلوم مسلح افراد نے گن پوائنٹ پر نیاز علی بگٹی سے موٹر سائیکل نقدی اور موبائل فون چھین کر فرار ہوگئے

لورالائی میں واٹر سپلائی اور تمام بند ٹیوب ویلز بحال کیئے جائے، پشتونخوامیپ

محکمہ پی ایچ ای/واسا کے ٹیوب ویل فنکشنل کرانے کا اقدام اٹھائیں۔ لورالائی شہر اور اس کے باسی بوند بوند کو ترس گئے ہیں

لورالائی (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں لورالائی شہر کے واٹر سپلائی کے تمام ٹیوب ویلز کی بندش اور شہر کو پانی سپلائی مکمل روکنے کے غیر قانونی وغیر انسانی اقدام پر سخت براہمی کا اظہار کرتے ہوئے حکومت کی اس نااہلی ،غفلت کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ شہر کے تقریباً 40 ٹیوب ویلز کو بند کر کے پانی (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ریسٹورنٹس اور کیفیز کے دورے، ٹیکس قوانین پر عملدرآمد کی ہدایت

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے مختلف ریسٹورنٹس اور کیفیز کے فیلڈ وزٹس کیے تاکہ قابلِ اطلاق ٹیکس قوانین پر عملدرآمد اور رجسٹریشن کی صورتحال کا جائزہ لیا جا سکے۔ دوروں کے دوران متعلقہ کاروباری اداروں کو رجسٹریشن اور دیگر قانونی ٹیکس (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

ژوب، ڈی ایس پی کمپلینٹ سیل اور اسپیشل ٹیم کی مشترکہ کوششوں سے مختلف مقامات پر کارروائیاں

ژوب پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کے لیے پرعزم ہے

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) پولیس کی اہم کارروائی ایس پی ژوب جناب سید عبدالصبور آغا صاحب کے احکامات پر کارروائی کرتے ہوئے ڈی ایس پی کمپلینٹ سیل جناب گلاب الدین صاحب، ایس ایچ او عدنان افضل، اے ایس ایچ او سہراب خان اور اسپیشل ٹیم کی مشترکہ کوششوں سے شہر کے مختلف مقامات پر کارروائیاں کیں۔ کارروائی کے دوران موٹر سائیکلوں کی چوری، مال مویشی چوری اور موبائل چھیننے کی وارداتوں میں ملوث مبینہ ملزمان کو گرفتار کر لیا گیا۔ (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

سبی: نامعلوم افراد نے فائرنگ اور کلہاڑیوں کے وار کر کے ایک شخص کو ہلاک کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) سبی کے علاقے میں نامعلوم افراد نے فائرنگ اور کلہاڑیوں کے وار کر کے ایک شخص کو ہلاک کر دیا تفصیلات کے مطابق اتوار کو سبی کے علاقے کڑک میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ اور کلہاڑیوں کے وار کر کے ایک شخص وزیر خان جدون کو ہلاک کر دیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔

کوئٹہ کی انتظامی حدود میں مزید ردو بدل کی کوششیں قابل تشویش ہیں، مبین خان

ژوب سے تعلق رکھنے والے ایک صوبائی وزیر ذاتی سیاسی مفادات کے لیے کوئٹہ کی انتظامی حدود میں ردو بدل چاہتے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) سابق صوبائی وزیر مبین خان نے کوئٹہ کی انتظامی حدود میں مزید رد و بدل کی کوششوں پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ چند ماہ قبل کوئٹہ کو دو اضلاع میں تقسیم کر کے ریلوے پٹری کو حدِ تقسیم قرار دیا گیا، جس کے بعد دوسری جانب کوئٹہ ویسٹ (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

رکن بلوچستان اسمبلی میر عبیداللہ گورگیج سے مختلف وفود ملاقات کر رہے ہیں

بلوچستان کی خوشحالی پیپلز پارٹی کی اولین ترجیح ہے' میر عبید گورگیج

پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی نمائندہ جماعت ہے، عوامی مسائل کا حل ہماری سیاست کا محور ہے۔ وفود سے بات چیت

پی بی 44 کو ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے ایک مثالی حلقہ بنائیں گے، رکن بلوچستان اسمبلی

کوئٹہ (پ ر) رکن بلوچستان اسمبلی حلقہ پی بی 44 اور پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما میر عبیداللہ گورگیج نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوام کی حقیقی نمائندہ جماعت ہے، جس کی سیاست کا بنیادی مقصد عوام کی خدمت، جمہوریت کا استحکام اور ملک و صوبے کی ترقی و خوشحالی ہے۔ بلوچستان کی خوشحالی اور عوام کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانا ہماری اولین ترجیحات میں شامل ہے، کوئٹہ میں آپنی رہائش گاہ پر مختلف وفود سے بات (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

وفاقی محتسب کے حکم پر درخواست گزار عبدالحکیم کا بلاک شدہ شناختی کارڈ بحال کروادیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) درخواست گزار عبدالحکیم نے بتایا کہ نادرا کی جانب سے انکا شناختی کارڈ بلاک کر دیا گیا تھا۔ متعدد بار نادرا دفتر کے چکر کاٹے اور کمیٹیوں میں پیش ہونے کے باوجود کوئی شنوائی نہیں ہوئی۔ لہٰذا، انصاف کے حصول کے لیے انہوں نے وفاقی محتسب ریجنل (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے گلستان میں 195 ایکڑ رقبے پر کاشت بھنگ کی فصل تلف کردی

قلعہ عبداللہ (این این آئی) محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن نے ضلع قلعہ عبداللہ کی تحصیل گلستان میں انسدادِ بھنگ مہم 2026 کے تحت بھنگ کی کاشت کے خاتمے کے لیے مشترکہ کارروائی کے دوران مزید 195 ایکڑ اراضی کو بھنگ کی کاشت سے پاک کر دیا گیا، جس کے بعد مہم کے آغاز سے اب تک بھنگ کی کاشت ختم کی گئی (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

میر اعجاز سنجرانی نے شاپنگ بازار میں واقع لوکل گورنمنٹ کے بلڈنگ کو گرلز اسکول میں تبدیل کر دیا

بلڈنگ کے احاطے میں دکان بنا کر دروازہ سڑک کی جانب نصب کیا گیا ہے

دالبندین (نامہ نگار) اہلیان کلی حاجی باز محمد دالبندین کے بے حد اصرار پر سابقہ صوبائی مشیر میر اعجاز خان سنجرانی نے شاپنگ بازار میں واقع لوکل گورنمنٹ کے بلڈنگ کو گرلز اسکول میں تبدیل کر دیا اور وہاں پر کمرے بنائے گئے مگر یہ امر سمجھ سے بالاتر ہے کہ مذکورہ بلڈنگ کے ساتھ سڑک سائیڈ پر ایک دکان بنائی گئی ٹھیکیدار نے یا متعلقہ حکام نے مذکورہ بلڈنگ کے احاطے (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

گرلز سکول کی بلڈنگ کے ساتھ سڑک سائیڈ پر دکان کا دروازہ سکول سے باہر رکھا گیا ہے

زندہ رہنے کا حق چھیننا کہاں کی حکمرانی ہے' مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ

جماعت اسلامی ہر طرح کے مظالم زیادتیوں وہر درندگی دہشت گردی کے خلاف ہر فورم پر آواز بلند کررہی ہے

عوام کے دل جیتنے ترقی وخوشحالی کیلئے صرف اعلانات نہیں اخلاص کیساتھ عملی کام کریں، امیر جماعت اسلامی بلوچستان

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی بلوچستان ایم پی اے مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں بدامنی، گیس بجلی بھاری ناجائز بلز، 18، 20 گھنٹوں کی لوڈشیڈنگ کیساتھ گندم، آٹا، ایل پی جی بحران بھی جاری ہیں جس کی وجہ سے عوام پریشان مشکلات کا شکار ہیں۔ اسلام آباد کے حکمران بلوچستان کے عوام کو خودکشی، خودسوزی پر مجبور زندہ درگور کرنے والی عوام دشمن پالیسی پر گامزن (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ کراچی روٹ پر مزید 4 مسافر کوچ اغواء

قلات کے قریب مسافر کوچز کو مسلح افراد اپنے ہمراہ لے گئے، ٹرانسپورٹرز کا شدید ردعمل

کوئٹہ (پ ر) آل بلوچستان ٹرانسپورٹرز ایکشن کمیٹی اور معروف ٹرانسپورٹرز میر حاجی حکمت لہڑی، حاجی میر دولت لہڑی، ایکشن کمیٹی کے صدر حاجی حبیب اللہ بادیزئی، جنرل سیکرٹری میر اکبر لہڑی، نائب صدر حاجی موسیٰ جان اچکزئی اور دیگر نے قلات کے قریب کوئٹہ سے کراچی جانے والی چار مسافر کوچز کو مبینہ طور پر نامعلوم مسلح افراد کی جانب سے اپنے ہمراہ لے جانے اور مسافروں کو کھلے میدان میں اتارنے کے واقعے پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

کچلاک فیڈر کی شدید لاپرواہی اور غفلت کے باعث علاقہ تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے' محمد حسن

ریگی ناصران اور اس کے ملحقہ علاقوں میں گزشتہ تین دنوں سے بجلی کی مکمل معطلی نے عوام کی زندگی اجیرن کر دی ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ریگی ناصران یونٹ کے امیر محمد حسن سیکرٹری جنرل دین محمد حاجی عبدالرحیم ناصر سیکرٹری اطلاعات محمد یوسف اور دیگر نے کہا ہے کہ ریگی ناصران اور اس کے ملحقہ علاقوں میں گزشتہ تین دنوں سے بجلی کی مکمل معطلی نے عوام کی زندگی اجیرن کردی ہے۔ کچلاک فیڈر کی شدید لاپرواہی اور غفلت کے باعث علاقہ تاریکی میں ڈوبا ہوا ہے، جس (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ مراد جمالی: طالبہ نے کراچی میں ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی نوجوان سے کورٹ میرج کرلی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی سے اغواء ہونے والی طالبہ نے کراچی میں ڈیرہ مراد جمالی کے رہائشی نوجوان سے کورٹ میرج کر لی پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی سٹی پولیس تھانے کی حدود ایریلشن (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

بابو باغ محلہ، النقیب برائٹ فیوچر پبلک ہائی اسکول

الفاروق پبلک ہائی اسکول اور دھوبی گھاٹ کے مکینوں کا دیرینہ مسئلہ حل ہونے کی جانب اہم پیش رفت، مین نالے کی تعمیر کا کام شروع

لورالائی (پ ر) لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) لورالائی کے بابو باغ محلہ، النقیب برائٹ فیوچر پبلک ہائی اسکول، الفاروق پبلک ہائی اسکول اور دھوبی گھاٹ کے رہائشیوں کا دیرینہ بنیادی مسئلہ حل کرنے کے لیے مین نالے کی تعمیر کا کام شروع کر دیا گیا ہے۔ یہ منصوبہ رکن صوبائی اسمبلی حاجی محمد خان عرف طور اتمانخیل کے تعاون سے شروع کیا گیا ہے، جس پر علاقے کے مکینوں نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے حاجی طور اتمانخیل اور ان (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

محکمہ لائیو سٹاک بلوچستان میں ترقیوں کے عمل اور سینیارٹی لسٹ پر تحفظات

سینئر ملازمین کے ساتھ ناانصافی بند کی جائے' محکمہ میں میرٹ، سینیارٹی اور شفافیت کو یقینی بنانا اعلیٰ حکام کی ذمہ داری ہے

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) محکمہ لائیو سٹاک بلوچستان میں ڈپارٹمنٹل پروموشن کمیٹی (ڈی پی سی) کے اجلاس مبینہ طور پر خاموشی سے منعقد کرنے، ملازمین کو ترقی دینے اور سینیارٹی لسٹ کی تیاری میں مبینہ بے ضابطگیوں پر ملازمین میں تشویش پائی جاتی ہے۔ متعلقہ حکام کی جانب سے سینیارٹی لسٹ کو واضح اور شفاف انداز میں سامنے نہ لانا بھی کئی سوالات کو جنم دے رہا ہے۔ ملازمین کے مطابق سینیارٹی کا تعین محض تعلیمی اسناد کی بنیاد پر کرنے کے بجائے (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

قلعہ سیف اللہ میں سیکیورٹی فورسز کی کامیاب کارروائی دہشت گردی کے خلاف مؤثر حکمتِ عملی کا ثبوت ہے، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (این این آئی) معاون برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے قلعہ سیف اللہ میں انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کے دوران فتنہ الخوارج کے اہم دہشت گرد کمانڈر کی ہلاکت پر سیکیورٹی فورسز کو خراجِ تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ کارروائی سیکیورٹی اداروں کی (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر موسیٰ خیل عبدالرزاق نجک ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پی ایس ڈی پی کے تحت نئے تعمیر شدہ بلڈ بنک اور مین میڈیسن سٹور کا معائنہ کر رہے ہیں

ژوب اور شیرانی میں دو ہفتوں سے موبائل انٹرنیٹ سروس کی بندش' کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہو رہی ہیں

تعلیم، تجارت، بینکاری، رابطوں، معلومات کے حصول اور روزگار کے لیے بنیادی ضرورت بن چکا ہے

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) آل انجمن تاجران کے رہنماؤں باران خان کلیوال عبدالغنی شیرانی حاجی نادر خان بلوچ حاجی محمد دین خروٹی حبیب الرحمان کاکڑ محمد رحیم شیرانی امام شاہ مولاداد قریشی حکیم شاہ مندوخیل سوشل ورکر عبدالرحمن شیرانی قاری تیمور شیرانی اور دیگر نے ژوب اور شیرانی میں انٹرنیٹ کی بندش کے خلاف پریس کانفرنس میں حکام بالا کی توجہ (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

آل انجمن تاجران کے رہنماؤں باران خان کلیوال اور دیگر پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ڈیرہ اللہ یار ٹریفک حادثے میں نوجوان جانبحق ہوگیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ اللہ یار ٹریفک حادثے میں نوجوان جانبحق ہوگیا پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کا رہائشی نوجوان محمد اکبر عمرانی ڈیرہ اللہ یار زیرو پوائنٹ کے مقام پر ٹریفک حادثے میں شدید زخمی ہوگیا جن کو تشویش ناک حالت میں ڈیرہ اللہ یار سول اسپتال منتقل کیا گیا

عوام تبدیلی اور روشن مستقبل کے خواہاں ہیں۔ پروفیسر حلیم صادق

عوام آزمائی ہوئی جماعتوں کی سیاست سے تنگ آچکے ہیں، عوام پاکستان پارٹی آمید کی کرن بن چکی ہے



کوئٹہ (پ ر) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر حلیم صادق نے کہا ہے کہ عوام پاکستان پارٹی عوام کے لیے امید کی کرن بن چکی ہے، عوام آزمائی ہوئی سیاسی جماعتوں کی کارکردگی سے مایوس اور ان کی روایتی سیاست سے تنگ آچکے ہیں۔ عوام اب ایسی سیاسی قیادت چاہتے ہیں جو اقتدار کو (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

پی ایم ڈی سی کو کمزور کرنے کی سازشوں کو ناکام بنائیں گے۔ ورکرز یونین

سورینج (پ ر) یونائیٹڈ مائنز ورکرز یونین سی بی اے سورینج نے نام نہاد مائنز فیڈریشن کے رہنما کی جانب سے پاکستان منرل ڈیولپمنٹ کارپوریشن (PMDC) کے حوالے سے حالیہ پریس کانفرنس پر



شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پریس کانفرنس میں اختیار کیا (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

ونڈر' سول ڈسپنسری میں ماں اور بچے کی صحت کیلئے ایم سی ایچ سینٹر قائم کیا جائے' محمد علی سوری

ماں اور بچے کی صحت زچگی اور ڈیلیوری کے لیے کوئی ایم سی ایچ سینٹر قائم نہیں جبکہ عوام بنیادی طبی سہولیات سے بھی محروم ہیں

سونمیانی ونڈر (پ ر) سابق امیر جماعت اسلامی ضلع لسبیلہ محمد علی سوری نے کہا ہے کہ یونین کونسل کھرکھیڑہ کی 16 ہزار نفوس پر مشتمل آبادی کے باوجود سول ڈسپنسری کھرکھیڑہ میں ماں اور بچے کی صحت زچگی اور ڈیلیوری کے لیے کوئی ایم سی ایچ سینٹر قائم نہیں جبکہ عوام بنیادی طبی سہولیات سے بھی محروم ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی کے اس دور میں غریب عوام (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)

موٹروے پولیس کا احسن اقدام، زیرو پوائنٹ حادثے کے بعد کارروائیاں تیز

حب (این این آئی) موٹروے پولیس کا احسن اقدام، مصدقہ ذرائع کے مطابق حالیہ زیرو پوائنٹ ٹریفک حادثے کے بعد موٹروے پولیس متحرک ہوگئی۔ ذرائع کے مطابق موٹروے پولیس نے منی بسوں اور ویگنوں کی (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

غیر مصدقہ خبروں، غیر ذمہ دارانہ تبصروں اور غیر متعلقہ مواد کی تشہیر سے اجتناب کیا جائے' مولانا رفیق

جماعتی مؤقف کی بہتر ترجمانی اور تنظیمی سرگرمیوں کی بھرپور تشہیر کے لیے تحصیلوں اور یونٹوں کی سطح پر شعبۂ اطلاعات کو فعال بنانا ناگزیر ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کے امیر مولانا عبدالرحمٰن رفیق نے کہا کہ ذرائع ابلاغ کے میدان میں تمام کارکن حق اور سچ اور تحقیق کو فروغ دیں۔ اسی حوالے سے جمعیتِ علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ماتحت یونٹوں کے سیکرٹریز اطلاعات کا اہم اجلاس ضلعی سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد کی زیرِ صدارت ضلعی دفتر میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں شعبۂ اطلاعات کو فعال بنانے (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد: شیلٹر لیس اور بنیادی سہولیات سے محروم اسکولوں میں فرنیچر اور اسکول بیگز تقسیم

شیلٹر لیس اور متاثرہ اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری

نصیر آباد (نامہ نگار) حکومت بلوچستان محکمہ تعلیم پروجیکٹ مینجمنٹ یونٹ (PPMU) اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ اور تعمیر خلق فاؤنڈیشن (TKF) کے اشتراک سے شیلٹر لیس اور متاثرہ اسکولوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے۔ اسی سلسلے میں ضلع نصیر آباد کے مختلف اسکولوں میں فرنیچر اور طلبہ کے لیے اسکول بیگز فراہم کیے گئے۔ *فرنیچر فراہم کیے جانے والے اسکول:* 1۔ گورنمنٹ بوائز پرائمری اسکول جونگل خان عمرانی 2۔ گورنمنٹ (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

نصیر آباد: شیلٹر لیس اور بنیادی سہولیات سے محروم اسکولوں میں فرنیچر اور اسکول بیگز تقسیم کئے جا رہے ہیں

سرداری نظام کے خاتمے کی قرارداد سمجھ سے بالاتر ہے' نواب شاہوانی

قبائلی نظام کے خاتمے کی بات کرنے والوں کو قبائلی عمائدین کے ساتھ بیٹھ کر معاملات پر بات کرنی چاہیے ان کے بقول نواب انگریزوں کی جانب سے دیا گیا

سردار اور نواب بلوچستان کے مسائل کے حل میں کردار ادا کرتے ہیں، سردار کمال بنگلزئی

کوئٹہ (این این آئی) سرداران سراوان اور قبائلی معتبرین نواب محمد خان شاہوانی، سردار کمال خان بنگلزئی سمیت دیگر قبائلی عمائدین نے کہا ہے کہ سرداری اور نوابی نظام کے خاتمے کے حوالے سے بلوچستان اسمبلی میں قرارداد لانا سمجھ سے بالاتر ہے، سرداری نظام صدیوں پرانا قبائلی ڈھانچہ ہے جس کے ذریعے تنازعات کے حل، فریقین کے درمیان صلح اور انسانی جانوں کے تحفظ میں کردار ادا کیا جاتا رہا ہے سرداری (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

پی ٹی اے کی ڈھاڈر میں کوئٹہ جیکب آباد قومی شاہراہ پر اوورلوڈنگ کے خلاف کارروائی

کوئٹہ (این این آئی) صوبائی سیکرٹری ٹرانسپورٹ بلوچستان محمد حیات کاکڑ اور سیکرٹری پروونشل ٹرانسپورٹ اتھارٹی (PTA) بلوچستان عبدالمجید جونجو کی خصوصی ہدایات پر ضلع کچھی کے علاقے ڈھاڈر میں کوئٹہ جیکب آباد قومی شاہراہ پر اوورلوڈنگ، بغیر روٹ پرمٹ گاڑیاں چلانے اور ویگنوں کی چھتوں پر مسافروں کو بٹھانے کے خلاف کارروائی عمل میں لائی گئی۔ کارروائی کے دوران قوانین کی خلاف ورزی کرنے (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

گنداخہ کی تعمیر و ترقی، عوامی فلاح و بہبود اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری اولین ترجیح ہے، ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

شہریوں کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اور شہر کے دیرینہ مسائل کا حل میونسپل کمیٹی کی ترجیحات میں شامل ہے

گنداخہ (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے کہا ہے کہ شہر کی تعمیر و ترقی، عوامی فلاح و بہبود، بنیادی شہری سہولیات کی فراہمی اور نکاسی آب کے نظام کی بہتری کے لیے مؤثر اقدامات کیے جائیں گے۔ چیف آفیسر اور کونسلران کے باہمی تعاون سے ترقیاتی منصوبوں کو آگے بڑھانے اور شہریوں کو (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

ڈیرہ بگٹی پولیس کی کارروائی، قمار بازی ایکٹ کے تحت 04 ملزمان گرفتار

جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری

ڈیرہ بگٹی (نامہ نگار) ڈیرہ بگٹی پولیس کی کارروائی، قمار بازی ایکٹ کے تحت 04 ملزمان گرفتار ایس پی ساؤتھ ڈیرہ بگٹی عبدالرؤف بابر کی ہدایات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے۔ اس سلسلے میں ڈی ایس پی/ایس ڈی پی او سرکل ڈیرہ بگٹی مشتاق بابر کی زیرِ نگرانی ایس ایچ او پولیس تھانہ ڈیرہ بگٹی نور علی بگٹی نے پولیس ٹیم کے ہمراہ ڈی آئی بی (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

اوتھل، مسافر کوچ اور مزدا ٹرک میں تصادم کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 12 افراد زخمی

اوتھل (این این آئی) قومی شاہراہ پر حادثات کا سلسلہ جاری، وایارو کے قریب قومی شاہراہ پر مسافر کوچ اور مزدا ٹرک کے درمیان تصادم کے نتیجے میں خواتین اور بچوں سمیت 12 افراد زخمی، شدید زخمیوں کو کراچی منتقل کر دیا گیا۔

ڈاکوؤں کی فائرنگ سے شہید محمد طاہر کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے' مولانا رفیق

روزانہ قیمتی انسانی جانوں کا ضیاع اس بدقسمت شہر کے عوام کا مقدر بن چکا ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد، عبدالصمد حقیار، مفتی ابوبکر، عبدالباری شہزاد، مولانا جمال الدین حقانی، مفتی (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

عالمی یومِ انسدادِ پولیو کے موقع پر ضلع کشمور میں آگاہی ریلی کا انعقاد

2 سے 5 نومبر 2026 تک جاری رہنے والی خصوصی انسدادِ پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ

کندھکوٹ (نامہ نگار/عبدالرزاق آزاد) عالمی یومِ انسدادِ پولیو کے موقع پر ضلع کشمور میں آگاہی ریلی کا انعقاد، 2 سے 5 نومبر 2026 تک جاری رہنے والی خصوصی انسدادِ پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ تفصیلات کے مطابق عالمی یومِ انسدادِ پولیو کے موقع پر ڈپٹی کمشنر آفس کشمور ایٹ کندھ کوٹ میں ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ون مسرور احمد بجارانی کی قیادت میں پولیو سے آگاہی کے سلسلے میں ریلی نکالی گئی۔ ریلی کا مقصد عوام میں پولیو کے خطرات، اس سے بچاؤ اور پانچ سال (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

لاڑکانہ شہر میں شہری رہائشی علاقوں میں بھینسوں و دیگر جانوروں کا فضلہ جگہ جگہ ہونے سے گندگی پھیلنے لگی

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) لاڑکانہ شہر میں شہری رہائشی علاقوں میں بھینسوں و دیگر جانوروں کا فضلہ جگہ جگہ ہونے سے گندگی پھیلنے لگی اور وبائی امراض میں اضافہ، بیماریاں پھیلنا (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

غیر آئینی، غیر قانونی اور غیر جمہوری اقدام سے اجتناب کرنا ہوگا' عبدالرحیم زیارتوال

ریاض خان کی اغواء نما گرفتاری، دھمکی اور بلیک میل کرنے کے اقدام کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کرتی ہے

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری مالیات آغا سید لیاقت علی اور صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان نے مشترکہ بیان میں اسلام آباد ایف 10 کراچی کمپنی کے سامنے پولیس کی جانب سے ملک کے جمہوری صف کے عظیم قائد، پشتونخوامیپ کے محبوب چیئرمین تحریک تحفظ آئین پاکستان کے (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

کھیلوں کے مقابلے معاشرے پر مثبت اثرات چھوڑتے ہیں' مہراللہ ابراہیم انگاریہ

کھیلوں کے فروغ کیلئے منتظمین کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں ونڈر میں بہترین کرکٹ دیکھنے کو ملتی ہے

سونمیانی ونڈر (رپورٹ۔ زبیر بلوچ) کھیلوں کے فروغ کیلئے منتظمین کی کاوشیں قابلِ تحسین ہیں ونڈر میں بہترین کرکٹ دیکھنے کو ملتی ہے کھیلوں کے مقابلے معاشرے پر مثبت اثرات چھوڑتے ہیں۔ پریس کلب ونڈر کے صدر مہراللہ ابراہیم انگاریہ کا بطور مہمانِ خصوصی شرکت کے موقع پر خطاب۔ تفصیلات کے مطابق کربلا کرکٹ گراؤنڈ میں منعقدہ سپر 8 کرکٹ (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ایس ایچ او پولیس تھانہ ڈیرہ بگٹی نور علی بگٹی گرفتار ملزمان کے حوالے سے میڈیا کو تفصیلات بتا رہے ہیں

صارفین کو صرف 26 یونٹ گیس استعمال کرنے پر 18 ہزار 410 روپے کا بل بھیجا گیا' پشتونخوانیپ

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی نے کوئٹہ شہر میں سوئی سدرن گیس کمپنی کی جانب سے انتہائی کم گیس استعمال کرنے والے صارفین کو ہزاروں روپے کے بھاری بل بھیجنے کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے عوام پر معاشی بوجھ ڈالنے اور بنیادی سہولت سے (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

گنداخہ میں فائر بریگیڈ آفس کی تعمیر اہم پیش رفت ہے' ڈاکٹر جاوید اختر جمالی

ہنگامی حالات میں عوام کو فوری ریلیف فراہم کرنے میں مدد ملے گی،

گنداخہ (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی نے چیف آفیسر میونسپل کمیٹی منیر احمد نجک اور محمد یاسین جمالی کے ہمراہ فائر بریگیڈ آفس گنداخہ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے عمارت کے جاری تعمیراتی کام کا معائنہ کرتے ہوئے پیش رفت کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی اور چیف آفیسر منیر احمد نجک نے تحصیل پریس (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

نماز پنجگانہ کی پابندی کریں، درود وسلام کی کثرت کریں' ھاشم الدین

والدین کا ادب احترام کریں، برائیوں سے بچیں اور نیکی کے کام کریں، خطاب

لاڑکانہ (رپورٹ: عبدالفتاح عباسی) سیدنا غوث اعظم دستگیر عبدالقادر جیلانی رحمت اللہ علیہ بغداد شریف کے سجادہ نشین سیدنا ھاشم الدین منصور الدین جیلانی البغدادی کے ہاتھ پر لاکھوں افراد نے بیعت کر کے سلسلہ عالیہ قادریہ میں شامل ہوکر مرید بن گئے، (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

یونیورسٹی آف لورالائی میں سپورٹس ویک کی پروقار تقریب

سردار میر خالد خان جوگیزئی مہمانِ خصوصی، کھیلوں کے فروغ اور نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے پر زور

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) یونیورسٹی آف لورالائی میں سپورٹس ویک کے سلسلے میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی، جس میں سردار میر خالد خان جوگیزئی نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ تقریب میں یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عادل زمان (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

سیدال خان ناصر اور دیگر کا سابق صوبائی وزیر سردار نثار علی ہزارہ کے انتقال پر تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) قائم مقام چیئرمین سینٹ سیدال خان ناصر سابق وفاقی وزیر خلیل جارج، سابق وزیر اعلی بلوچستان سردار اختر مینگل، سابق اراکین اسمبلی ملک نصیر احمد شاوانی، اختر حسین لانگو، بابو رحیم مینگل، سابق وفاقی وزیر آغا حسن بلوچ، میر مقبول لہڑی، (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

پروفیسر ڈاکٹر عادل زمان یونیورسٹی آف لورالائی میں سپورٹس ویک کے سلسلے میں پروقار تقریب میں شریک ہیں

آل پاکستان گاذر اتحاد کے مرکزی رہنماؤں کی رکن اسمبلی نعیم خان بھابھہ سے ملاقات

نعیم خان بھابھہ سے ملاقات کرنے والوں میں میاں شبیر احمد گاذر میاں غلام محمد گاذر ایڈوکیٹ ڈاکٹر ذوالفقار احمد گاذر بھی شامل

میلسی/ (جنرل رپورٹر) آل پاکستان گاذر اتحاد کے صدر میاں شبیر احمد گاذر کی قیادت میں آل پاکستان گاذر اتحاد کے مرکزی وفد نے سابق صوبائی وزیر زراعت اور رکن صوبائی اسمبلی نعیم خان بھابھہ سے ان کی رہائش گاہ پر خصوصی ملاقات کی۔ وفد نے نعیم خان بھابھہ کو حال ہی میں فریضہ عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر دلی مبارکباد پیش کی، اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس موقع پر وفد نے دعا کی کہ اللہ پاک ان کے عمرہ کو اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت بخشے اور بار بار حرمین شریفین کی حاضری نصیب فرمائے۔ ملاقات میں علاقے کے درپیش مسائل، علاقائی (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)

گنداخہ، چیئرمین میونسپل کمیٹی گنداخہ ڈاکٹر جاوید اختر جمالی چیف آفیسر گنداخہ منیر احمد نجک کے ہمراہ فائر بریگیڈ آفس کا دورہ کر رہے ہیں